Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعرات ، 15 اکتوبر 2026ء ، 3 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 173

ماحولیاتی تحفظ ضروری، تاجروں کی عزتِ نفس پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، صدر آئی سی سی آئی

پلاسٹک بیگز اور پی ای ٹی بوتلوں کے ضوابط پر عمل درآمد کے لیے مشترکہ کمیٹی بنانے کا فیصلہ، کاروباری طبقے کو سستے متبادل اور تیاری کی مناسب مہلت دی جائے، مرحلہ وار اقدامات اور تاجروں کو مہلت دینے کا مطالبہ

آئی سی سی آئی، مارکیٹ ایسوسی ایشنز اور حکام پر مشتمل کمیٹی مذاکرات کے ذریعے ایسا حل نکالے گی جس سے ماحول کا تحفظ بھی ممکن ہو اور کاروبار بھی متاثر نہ ہوں، صدر آئی سی سی آئی محمد ذکریا اکبر ضیاء

اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد (فرحین العاص) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء نے کہا ہے کہ ماحولیاتی تحفظ ناگزیر ہے، تاہم اس مقصد کے لیے تاجروں کی تذلیل، ہراساں کرنے اور ان کی عزتِ نفس مجروح کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے پلاسٹک شاپنگ بیگز اور پی ای ٹی بوتلوں سے متعلق ضوابط پر عمل درآمد کے لیے مشاورت، مناسب مہلت (بقیہ نمبر 1)

عوام آپ کو تو نہیں جانتے، سب سے پہلے مجھے گالی پڑتی ہے، وزیر ریلوے

وزیر ریلوے حنیف عباسی کا رحمان بابا ٹرین حادثے کی جگہ کا دورہ

ناقص سلیپرز کی خریداری پر انکوائری کا حکم، ایک کمپنی کی اجارہ داری قبول نہیں

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے رحمان بابا ٹرین حادثے کی جگہ کا دورہ کرتے ہوئے محکمہ ریلوے کے افسران کی کارکردگی پر شدید برہمی کا اظہار کیا اور ووڈن سلیپرز کے ناقص ہونے، ان کی عدم دستیابی اور خریداری کے عمل میں (بقیہ نمبر 13)

KP میں 30 ڈاکٹرز برطرف، 6 افغان ڈاکٹرز کو پاکستان چھوڑنے کا حکم

برطرف کیے گئے ڈاکٹروں پر پی ایم ڈی سی کی جعلی رجسٹریشن اور غیر قانونی تقرریوں کے الزامات تھے، محکمہ صحت

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں 30 ڈاکٹروں کو ملازمت سے برطرف کردیا گیا جبکہ سیدو شریف ہسپتال میں 6 افغان ڈاکٹرز کو ہاؤس جاب کرنے سے روک دیا گیا۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق پی ایم ڈی سی کے مراسلے (بقیہ نمبر 16)

پاکستان کو اکتوبر میں پہلا LNG کارگو موصول، سردیوں میں گیس بحران کا خدشہ

سردیوں میں گیس کی طلب 1550 ملین، سوئی سدرن کی 300 سے بڑھ کر 500 ملین مکعب فٹ یومیہ ہونے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کو اکتوبر میں ایل این جی کا پہلا کارگو موصول ہوگیا ہے تاہم سردیوں میں گیس کی فراہمی کے حوالے سے خدشات بڑھتے جا رہے ہیں۔ پاکستان کو گزشتہ روز قطر سے مائع قدرتی (بقیہ نمبر 15)

سرکاری کالجوں میں غیر ملکی زبانوں کے سینٹرز قائم کرنے کا فیصلہ

فیس 3 ہزار روپے سے زیادہ نہیں ہوگی، ہر زبان کے کورس کے لیے کم از کم 60 طلبہ کا داخلہ لازمی قرار دیا گیا ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب کے سرکاری کالجوں میں طلبہ کو عالمی معیار کی زبانوں کی تعلیم فراہم کرنے کے لیے فارن لینگویج سینٹرز قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا، ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن کالجز نے اس حوالے سے باقاعدہ (بقیہ نمبر 14)

وزیراعظم سے مکہ دفاعی اتحاد کے پہلے سیکرٹری جنرل کی ملاقات، علاقائی سلامتی پر گفتگو

مکہ معاہدہ، سعودیہ کا دفاع کرینگے: شہباز شریف

مکہ معاہدے کے تحت پاکستان سعودی عرب کی خود مختاری، دفاع اور علاقائی سلامتی کے تحفظ کیلئے شانہ بشانہ کھڑا ہے، شہباز شریف

سیکرٹری جنرل نے معاہدے کے فریم ورک کے تحت دفاعی اور تزویراتی تعاون کو مزید فروغ دینے کے حوالے سے حکمت عملی سے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے مکہ ڈیفنس الائنس کے پہلے سیکرٹری جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود نے ملاقات کی جس میں دفاعی اور تزویراتی تعاون کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بدھ کو ہونے والی ملاقات میں وزیراعظم شہباز شریف نے عہدہ سنبھالنے پر لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ (بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ کے سیکورٹی جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) نعمان محمود وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت ضلعی انسداد پولیو کمیٹی کا اجلاس، نومبر کی انسداد پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ

راولپنڈی میں 2 نومبر سے انسداد پولیو مہم کا آغاز

9 لاکھ 89 ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف مقرر، 4 ہزار سے زائد موبائل ٹیمیں تشکیل، تمام 188 یونین کونسلز کا احاطہ کیا جائے گا

راولپنڈی میں 7 لاکھ گھرانوں تک رسائی کی تیاریاں مکمل، زیرو ڈوز اور انکار کرنے والے خاندانوں کی کوریج کے لیے خصوصی ٹیمیں متحرک، آگاہی مہم کا بھی فیصلہ

راولپنڈی (این ای این) ضلعی انسداد پولیو کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت ان کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر، سی ای او ہیلتھ، عالمی ادارہ صحت کے نمائندے اور دیگر متعلقہ (بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد کے شہریوں کی سفری ضروریات پوری کرنے کیلئے سی ڈی اے جدید اور ماحول دوست الیکٹرک بس سروس کی فراہمی کیلئے پُرعزم

سی ڈی اے کا الیکٹرک بس سروس کو مزید وسعت دینے کا فیصلہ

مختلف روٹس پر آسان سفری سہولیات کی فراہمی، شہریوں کا سی ڈی اے کی الیکٹرک بس سروس کے اقدامات کو سراہتے ہوئے اطمینان کا اظہار

21 روٹس پر 160 الیکٹرک بسیں فعال، یومیہ مسافروں کی تعداد 2 لاکھ 50 ہزار تک بڑھانے کا ہدف

64 جدید چارجنگ یونٹس کے ساتھ نیا بس ڈپو فعال، آلودگی میں کمی اور سستی سفری سہولیات کی فراہمی جاری

160 بسوں کے ذریعے روزانہ ڈیڑھ لاکھ شہری مستفید، یومیہ مسافروں کی تعداد ڈھائی لاکھ تک لے جانے کا عزم

الیکٹرک بس سروس کی توسیع شہر کے پبلک ٹرانسپورٹ نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے

اسلام آباد (این ای این) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات اور وژن جبکہ چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) سہیل اشرف کی قیادت میں سی ڈی اے اسلام آباد کے شہریوں کو جدید، محفوظ، آرام دہ اور ماحول دوست پبلک ٹرانسپورٹ کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے الیکٹرک بس سروس کو وسعت دینے اور اس میں بہتری لانے کے اقدامات جاری رکھے ہوئے (بقیہ نمبر 5)

وزیراعلیٰ مریم کا مری کے صفائی ہیروز کیلئے 10 ہزار روپے نقد انعام

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے عید کے موقع پر شہر کو صاف ستھرا رکھنے والے صفائی عملے میں نقد انعامات تقسیم کیے اور انہیں اصل ہیرو قرار دیا

یہ انعام ان تمام ورکرز کے لیے اعتراف ہے جنہوں نے اپنے گھروں کی بجائے عوام کی خدمت میں عید گزاری، ڈپٹی کمشنر مری

مری (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے عیدالاضحیٰ کے موقع پر دن رات انتھک محنت کر کے مری شہر کو صاف ستھرا رکھنے اور صفائی کے مثالی نظام کو برقرار رکھنے پر صفائی ہیروز (سینیٹری ورکرز) کو 10,000 روپے فی کس نقد انعام دیا گیا۔ یہ انعام ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر صفائی عملے میں تقسیم کیا۔ ڈپٹی کمشنر مری نے (بقیہ نمبر 6)

آلودہ ترین شہروں میں لاہور چھٹے نمبر پر آ گیا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں فضائی آلودگی کی شرح 174 ریکارڈ کی گئی جس کے باعث شہر آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں چھٹے نمبر پر آ گیا۔ شہر کے مختلف علاقوں میں فضائی آلودگی کی شرح میں (بقیہ نمبر 18)

نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار سے عمانی وزیر خارجہ کی ملاقات

باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کے فروغ بارے تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے سلطنت عمان کے وزیر خارجہ سید بدر بن حمد بن حمود البوسعیدی نے ملاقات کی جس دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور عمان کے درمیان قریبی اور برادرانہ تعلقات کا اعادہ کرتے ہوئے باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں، بالخصوص تجارت، سرمایہ کاری اور عوامی روابط میں تعاون مزید گہرا کرنے کیلئے اعلیٰ سطح کے مسلسل روابط کی اہمیت پر زور دیا۔ بدھ کو ترجمان دفتر خارجہ کے (بقیہ نمبر 17)

پی اے آر سی کی جانب سے بانی چیئرمین کے اعزاز میں تعزیتی اجلاس

این اے آر سی کے کراپ سائنسز انسٹی ٹیوٹ کو بانی چیئرمین کا نام ڈاکٹر امیر محمد انسٹی ٹیوٹ آف کراپ سائنسز کر دیا گیا

چیئرمین ڈاکٹر سید مرتضیٰ حسن اندرابی نے انسٹی ٹیوٹ کا نام "ڈاکٹر امیر محمد انسٹی ٹیوٹ آف کراپ سائنسز" رکھنے کا اعلان کیا

مرحوم نے نیاب فیصل آباد کے بانی ڈائریکٹر، زرعی یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور فاسٹ یونیورسٹی کے بانی ریکٹر کی حیثیت سے جدید تحقیقی نظام کی لازوال بنیادیں رکھیں

چیئرمین پی اے آر سی، ڈاکٹر سید مرتضیٰ حسن اندرابی، پی اے آر سی کے بانی چیئرمین ڈاکٹر امیر محمد، ہلال امتیاز، کے اعزاز میں منعقد تعزیتی ریفرنس سے خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل (PARC) نے ادارے کے بانی چیئرمین اور ممتاز سائنسدان ڈاکٹر امیر محمد (ہلال امتیاز) کی زندگی اور ملک کے لیے خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے قومی زرعی تحقیقاتی مرکز (NARC) اسلام آباد میں ایک تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا۔ زرعی تحقیق اور قومی ترقی کے لیے ان کی شاندار خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے، این اے آر سی کے کراپ سائنسز انسٹی ٹیوٹ کا نام تبدیل کر کے ڈاکٹر امیر محمد انسٹی ٹیوٹ آف کراپ سائنسز کر دیا گیا ہے۔ چیئرمین پی اے آر سی ڈاکٹر سید مرتضیٰ حسن اندرابی نے ڈاکٹر (بقیہ نمبر 10)

خدا کو مانیں لوگوں کو تنگ نہ کریں، یہ رویہ بربادی کا ہے

اب بھی وقت ہے خیبر پختونخوا میں کیے گئے اقدامات واپس لیں: محمود خان اچکزئی

اسلام آباد (آئی آئی پی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کا کہنا ہے کہ ابھی بھی وقت ہے خیبر پختون خوا میں کیے گئے اقدامات واپس لیں۔ (بقیہ نمبر 26)

لاہور، صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین، واسا مشینری کے ساتویں فلیٹ کی روانگی سے قبل میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

گھریلو جھگڑے پر بیٹے نے ماں کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا

لاش مردہ خانے منتقل، مقتولہ کے بیٹے کو اسلحے سمیت حراست میں لے لیا گیا

لاہور (این این آئی) کاہنہ میں گھریلو جھگڑے کے دوران بیٹے نے فائرنگ کر کے ماں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ پولیس کے مطابق گھریلو تنازعہ پر بیٹے عرفان نے اپنی 42 سالہ ماں عذرا پر فائرنگ کردی جس سے وہ موقع پر ہی دم توڑ گئی۔ بتایا گیا ہے (بقیہ نمبر 27)

وزیراعلیٰ کی ڈی سی چکوال سارہ حیات کو شاباش، صفائی ورکرز قابلِ تحسین

چوآ سیدن شاہ میں مالی معاملات کا آڈٹ کب ہوگا؟ پیٹرول، ڈیزل، سرکاری مشینری اور کنکریٹ فرش کے معاملات پر مبینہ بے ضابطگیوں کی شکایات

تحصیل منیجر برہان الدین اور متعلقہ عملے کی تبدیلی، خصوصی آڈٹ اور شفاف انکوائری کا عوامی و سماجی حلقوں کا مطالبہ

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے ستھرا پنجاب کے ورکرز کے واجبات کی ادائیگی، صفائی کے نظام میں بہتری اور ناقص کارکردگی پر کارروائی کی ہدایات کے تناظر میں ضلع چکوال میں صفائی کی بہتر صورتِ حال پر ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کو شاباش دی گئی، جبکہ چوآ سیدن شاہ میں فیلڈ پر صفائی کرنے والے محنتی ورکرز کی کارکردگی بھی قابلِ تحسین ہے۔ تاہم سابق سپروائزر ثمر عباس اور دیگر ذرائع سے منسوب اطلاعات نے تحصیل سطح پر پیٹرول، ڈیزل، سرکاری مشینری اور مالی معاملات کی جانچ (بقیہ نمبر 7)

وزیرِ خزانہ کی ایس اینڈ پی گلوبل ریٹنگز کے نمائندوں سے

پاکستان کی معاشی پیش رفت و خودمختار کریڈٹ ریٹنگ کے امکانات بارے تبادلہ خیال

بینکاک (این این آئی) وفاقی وزیرِ برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے ایس اینڈ پی گلوبل ریٹنگز کے نمائندوں سے ملاقات کی جس دوران پاکستان کی معاشی پیش رفت اور خودمختار کریڈٹ ریٹنگ کے امکانات بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ تھائی لینڈ (بقیہ نمبر 19)

لاہور، صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر سے لاہور قلندرز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عاطف رانا نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں ملاقات کررہے ہیں

بچوں سے زیادتی سمیت سنگین مقدمات میں مطلوب اشتہاری ہلاک

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ جاتلی کے علاقے دیوی داتا مین روڈ پر رات گئے سی سی ڈی ٹیم پر موٹر سائیکل سوار ملزمان کی فائرنگ کے دوران سنگین مقدمات میں مطلوب اشتہاری ملزم حماد عرف مادو ہلاک ہوگیا، ملزم کے قبضے سے پستول برآمد ہوا ہے۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 20)

سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی ساس رضائے الٰہی سے انتقال کرگئیں

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی ساس رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔ مرحومہ علالت کے باعث پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز میں زیر علاج رہیں۔ صوبائی وزراء اور مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں نے مریم اورنگزیب سے ان کی ساس کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

ون ڈالر سینما منصوبے کی تجویز، ٹکٹ 350 روپے تک رکھنے پر غور

فلم انڈسٹری کی بحالی اور شائقین کو سینما گھروں کی طرف راغب کرنے کیلئے اقدام

لاہور (این این آئی) پنجاب میں سینما گھروں میں شائقین کی تعداد بڑھانے کے لیے "ون ڈالر سینما منصوبے" کی تجویز سامنے آئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب کی وزیر اطلاعات و ثقافت مریم اورنگزیب نے پاکستانی فلم انڈسٹری کی بحالی اور سینما گھروں (بقیہ نمبر 22)

بہاولنگر، ٹریکٹر ٹرالی اور کیری ڈبہ میں تصادم، 2 افراد جاں بحق

2 خواتین سمیت 7 افراد زخمی، طبی امداد کیلئے فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا

بہاولنگر (این این آئی) بہاولنگر کے علاقہ ہارون آباد روڈ پر کیری ڈبہ اور ٹریکٹر ٹرالی میں تصادم میں 2 افراد جاں بحق، دو خواتین سمیت 7 افراد زخمی ہوگئے، امدادی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر جاں بحق افراد کی لاشوں اور زخمیوں کو طبی امداد کیلئے فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا۔ (بقیہ نمبر 23)

صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین، مختلف اضلاع میں روانگی سے قبل واسا مشینری کا جائزہ لے رہے ہیں

خواتین کو باعزت روزگار دینے کیلئے رکشہ ڈرائیونگ تربیتی پروگرام

نجی یونیورسٹی کے تعاون سے پروگرام کے تحت 34 خواتین کو تربیت دی گئی

لاہور (این این آئی) خواتین کو باعزت روزگار دینے کے لیے رکشہ ڈرائیونگ تربیتی پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے۔ ٹریفک پولیس نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر خواتین کو بااختیار بنانے اور باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنے (بقیہ نمبر 24)

رحمان بابا ایکسپریس کو مال بردار بوگی کا ہینگر ٹوٹنے سے حادثہ پیش آیا

ٹرین حادثہ مکینیکل خرابی کی وجہ سے ہوا، ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ جاری کردی گئی

ملتان، لاہور (این این آئی) محکمہ ریلوے نے گزشتہ روز ملتان میں حادثے کا شکار ہونے والی رحمان بابا ایکسپریس کے حادثے کی ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ جاری کردی۔ پاکستان ریلوے کی ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق ٹرین کو حادثہ مکینیکل خرابی کی وجہ (بقیہ نمبر 25)

ایم ڈی ستھرا پنجاب رانا ساجد صفدر کا تحصیل کلر سیداں کا دورہ

صفائی آپریشن اور آگاہی کیمپ کا معائنہ، کوڑا جلانے اور صفائی قوانین کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی کی ہدایت

سموگ پر قابو پانے اور صاف ستھرے ماحول کے لیے عوامی تعاون ناگزیر ہے، شہری کوڑا مقررہ مقامات پر ڈالیں، ایم ڈی رانا ساجد صفدر

راولپنڈی (این ای این) ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے تحصیل کلر سیداں کا دورہ کیا اور شہر میں جاری صفائی آپریشن کا معائنہ کرتے ہوئے صفائی انتظامات اور ورکرز کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے شہریوں اور صفائی ورکرز سے ملاقات کی اور صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے پر تبادلہ خیال کیا۔ رانا ساجد صفدر نے کلر سیداں میں ستھرا پنجاب ایجنسی کی کمیونیکیشن (بقیہ نمبر 11)

طلبا اور سرکاری ملازمین کی موجیں، نومبر میں مسلسل 3 چھٹیاں ملنے کا امکان

لاہور (آئی آئی پی) طلبا اور سرکاری ملازمین خوش ہوجائیں، کیونکہ نومبر کے مہینے میں تین چھٹیاں ایک ساتھ آنے کا امکان ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان بھر میں 9 نومبر کو مصورِ پاکستان، شاعرِ مشرق (بقیہ نمبر 29)

وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت اجلاس

محکمہ بلدیات کی زیر نگرانی جاری مختلف پروگراموں کا جائزہ

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں ایک اجلاس کے دوران محکمہ بلدیات کی زیر نگرانی جاری مختلف پروگراموں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ زید بن مقصود، ڈائریکٹر جنرل لوکل گورنمنٹ بینش فاطمہ، سپیشل سیکرٹریز ارشد بیگ، سید موسیٰ رضا، شاہد زمان لک، ایڈیشنل اور ڈپٹی سیکرٹریوں نے بھی شرکت (بقیہ نمبر 28)

ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی آپریشن کا جائزہ، غفلت پر سخت کارروائی کا حکم

ضلع راولپنڈی کی 164 یونین کونسلز میں صفائی کی بہتری کے لیے 6,055 افراد پر مشتمل عملہ تعینات کر دیا گیا ہے

شاہراہوں، گلیوں اور خالی پلاٹوں کی فوری صفائی کا حکم، عوام کی شکایات پر بلا تاخیر عمل درآمد کیا جائے

ناقص کارکردگی پر ذمہ داروں کے خلاف سخت اقدام کیا جائے، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کا حکم

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت ستھرا پنجاب پروگرام اور راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی کارکردگی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صفائی کے انتظامات، کوڑا کرکٹ کی بروقت تلفی، افرادی قوت، مشینری کی دستیابی اور شہری شکایات کے ازالے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز جنید عالم اسسٹنٹ کمشنرز، سی او ضلع کونسل و میونسپل کارپوریشن و دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ (بقیہ نمبر 12)

لاہور: وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی اور ڈی جی ای گورننس ساجد لطیف پنجاب یونیورسٹی اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کررہے ہیں

راولپنڈی ویمن یونیورسٹی میں دو روزہ میگا بک فیئر کا شاندار آغاز

کمشنر راولپنڈی سلمان غنی کا افتتاح، کتابوں کے انتخاب اور طالبات کی تیاری کو سراہا، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف کا مطالعے کے فروغ پر زور

ڈیجیٹل دور میں کم ہوتے توجہ کے دورانیے کے پیش نظر معیاری کتب مسائل کے حل کیلئے بہترین دوست ہیں، کمشنر راولپنڈی سلمان غنی

جامعہ کی لائبریری کو اپ گریڈ کر کے نصاب سے ہٹ کر مطالعے کی سہولیات فراہم کی جائیں گی، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی ویمن یونیورسٹی میں پہلی بار منعقد کیے گئے دو روزہ میگا بک فیئر کا آغاز ہوگیا۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن جناب سلمان غنی نے بطور مہمانِ خصوصی فیتہ کاٹ کر بک فیئر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر راولپنڈی ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف بھی موجود تھیں۔ افتتاح کے بعد کمشنر راولپنڈی اور وائس چانسلر نے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس کے ہمراہ مختلف (بقیہ نمبر 8)

لاہور، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے 120 ویں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

اشاعت خاص

اسلام آباد میں جدید الیکٹرک بس سروس

شہریوں کے لیے سستا، آرام دہ اور ماحول دوست سفر

محسن نقوی کا وژن، چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی قیادت میں جدید سفری سہولیات کی فراہمی

اسلام آباد کے 21 مختلف روٹس پر الیکٹرک بس سروس جاری، جس سے روزانہ تقریباً ڈیڑھ لاکھ مسافر مستفید ہو رہے ہیں

کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے اسلام آباد میں جدید، آرام دہ، سستی اور ماحول دوست پبلک ٹرانسپورٹ کی فراہمی کے لیے160 ایئر کنڈیشنڈ الیکٹرک بسیں متعارف کروا کر ایک اہم اقدام اٹھایا ہے۔ یہ بسیں 21 مختلف روٹس پر چلائی جا رہی ہیں، جبکہ ان کی مؤثر اور بلاتعطل سروس کے لیے64 چارجنگ اسٹیشنز بھی قائم کیے گئے ہیں۔ اس سہولت سے روزانہ تقریباً ڈیڑھ لاکھ مسافر مستفید ہو رہے ہیں۔ یہ اقدام وفاقی دارالحکومت کے شہریوں کو جدید اور معیاری سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے سی ڈی اے کے عزم کا مظہر ہے۔

وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کے وژن اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی قیادت میں الیکٹرک بس سروس اسلام آباد کو جدید، پائیدار اور شہری دوست دارالحکومت بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ جدید الیکٹرک گاڑیوں کی ٹیکنالوجی اور وسیع روٹ نیٹ ورک کے ذریعے سی ڈی اے پبلک ٹرانسپورٹ کو شہریوں کے لیے زیادہ آسان، قابلِ رسائی اور پُرکشش بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ اس اقدام کی نمایاں خصوصیات میں سستے کرایوں پر آرام دہ سفری سہولیات کی فراہمی شامل ہے۔ ایندھن کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور مہنگائی کے باعث گھریلو اخراجات میں اضافے کے پیش نظر، کم لاگت پبلک ٹرانسپورٹ روزانہ سفر کرنے والے شہریوں کے لیے بڑی سہولت ہے۔ طلبہ، ملازمت پیشہ افراد، خواتین، بزرگ شہریوں اور عام مسافروں کو ایئر کنڈیشنڈ بسوں کے ذریعے آرام دہ سفر کی سہولت میسر آ رہی ہے، جس سے انہیں مہنگی نجی گاڑیوں اور دیگر ذرائع آمدورفت پر انحصار کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔

اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں 21 روٹس پر 160 الیکٹرک بسوں کی فراہمی سے شہریوں کی آمدورفت اور باہمی رابطوں میں بہتری آ رہی ہے۔ وسیع روٹ نیٹ ورک کے باعث شہریوں کے لیے دفاتر، تعلیمی اداروں، بازاروں، ہسپتالوں اور دیگر اہم مقامات تک پہنچنا آسان ہو رہا ہے۔ روزانہ تقریباً ڈیڑھ لاکھ مسافروں کی آمدورفت اس سروس کی اہمیت اور شہریوں کی سفری ضروریات پوری کرنے میں اس کے کردار کو اجاگر کرتی ہے۔

الیکٹرک بس سروس کے لیے 64 چارجنگ اسٹیشنز کا قیام بھی اس منصوبے کا ایک اہم حصہ ہے۔ یہ سہولت بسوں کی روزانہ آپریشنل ضروریات پوری کرنے اور مستقبل میں الیکٹرک پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو مزید وسعت دینے کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ جدید انفراسٹرکچر میں یہ سرمایہ کاری اسلام آباد کی بڑھتی ہوئی سفری ضروریات کے مطابق ایک قابلِ اعتماد اور مؤثر ٹرانسپورٹ نظام کی تشکیل میں معاون ہے۔

الیکٹرک بسوں کے ماحولیاتی فوائد بھی نہایت اہم ہیں۔ روایتی ایندھن سے چلنے والی بسوں کے برعکس، الیکٹرک بسیں دورانِ سفر ٹیل پائپ سے دھواں خارج نہیں کرتیں، جس سے مقامی فضائی آلودگی اور شور میں کمی لانے میں مدد مل سکتی ہے۔ شہریوں کو نجی گاڑیوں کے بجائے پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کرنے کی ترغیب دے کر سی ڈی اے ٹریفک کے دباؤ اور روزمرہ آمدورفت کے ماحولیاتی اثرات کم کرنے میں بھی کردار ادا کر سکتا ہے۔

یہ اقدام محض ٹرانسپورٹ کی سہولت تک محدود نہیں بلکہ عوامی فلاح و بہبود اور پائیدار شہری ترقی کے وسیع تر وژن کی عکاسی کرتا ہے۔ آرام دہ بسیں، مناسب کرایے، بہتر روٹ کنیکٹیویٹی اور جدید انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری شہریوں کے روزمرہ سفر کو آسان بنانے کے ساتھ سرکاری خدمات پر اعتماد کو بھی فروغ دیتی ہے۔ یہ منصوبہ اس بات کی مثال ہے کہ جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال سے ایک ترقی پذیر شہری مرکز میں معیارِ زندگی کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔

اس سروس کی کامیابی اور بہتری کے لیے وقت کی پابندی، صفائی، مسافروں کی حفاظت، بسوں کی مناسب دیکھ بھال، روٹس کی مؤثر کوریج اور چارجنگ اسٹیشنز تک آسان رسائی کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ اسی طرح بسوں کے اوقاتِ کار اور آمدورفت سے متعلق معلومات کو بہتر بنانے سے شہریوں کو مزید سہولت فراہم کی جا سکتی ہے۔ اسلام آباد کے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے شہریوں نے سی ڈی اے کی جانب سے ایئر کنڈیشنڈ الیکٹرک بس سروس متعارف کرانے کے اقدام کو سراہا ہے۔ شہریوں کے مطابق یہ سروس روزمرہ سفر کو زیادہ آرام دہ، آسان اور کم خرچ بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ مناسب کرایوں پر معیاری سفری سہولیات طلبہ، ملازمت پیشہ افراد، خواتین، بزرگ شہریوں اور پبلک ٹرانسپورٹ پر انحصار کرنے والے دیگر مسافروں کے لیے خصوصی اہمیت رکھتی ہیں۔

سی ڈی اے کی جانب سے 160 ایئر کنڈیشنڈ الیکٹرک بسوں، 21 روٹس اور 64 چارجنگ اسٹیشنز پر مشتمل نظام کے ذریعے روزانہ تقریباً ڈیڑھ لاکھ مسافروں کو سفری سہولیات فراہم کرنا جدید پبلک ٹرانسپورٹ کے شعبے میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ سستے کرایوں، آرام دہ سفر، آسان رسائی اور ماحولیاتی تحفظ کو ترجیح دے کر سی ڈی اے اسلام آباد کو ایک صاف ستھرا، سرسبز اور مؤثر دارالحکومت بنانے کی جانب گامزن ہے۔ یہ مستقبل پر مبنی اقدام پاکستان کے دیگر شہروں کے لیے بھی ایک قابلِ تقلید مثال بن سکتا ہے اور اس امر کو اجاگر کرتا ہے کہ قابلِ اعتماد اور ماحول دوست پبلک ٹرانسپورٹ قومی سطح پر پائیدار ترقی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

سی ڈی اے کی 160 ایئر کنڈیشنڈ الیکٹرک بسیں شہریوں کے لیے بڑی سہولت بن گئیں

الیکٹرک بس سروس کے لیے 64 چارجنگ اسٹیشنز قائم، مؤثر ٹرانسپورٹ نظام کی جانب اہم قدم

وسیع روٹ نیٹ ورک سے دفاتر، تعلیمی اداروں، بازاروں اور ہسپتالوں تک رسائی آسان

مہنگائی کے دور میں سستی پبلک ٹرانسپورٹ شہریوں کے لیے ریلیف کا ذریعہ بن گئی

طلبہ، خواتین اور ملازمت پیشہ افراد کے لیے آرام دہ ایئر کنڈیشنڈ سفر کی سہولت

جدید الیکٹرک بس ڈپو

64 چارجنگ یونٹس

الیکٹرک بسوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے جدید چارجنگ سہولیات کی گنجائش

ماحول دوست سفر

الیکٹرک بس سروس کے ذریعے مضر اخراج میں کمی، صاف ستھرا اور سرسبز اسلام آباد کے لیے اہم قدم

ماحول دوست — صاف اور سرسبز اسلام آباد کے لیے

قابل اعتماد — جدید بس سروس

سستی — اور قابل رسائی

آرام دہ — سفر کا بہترین تجربہ

محفوظ — سفری سہولیات

وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی قیادت مین سی ڈی اے اسلام آباد کے شہریوں کو جدید، محفوظ، آرام دہ، قابل رسائی اور ماحول دوست سفری سہولیات فراہم کرنے کے عزم پر قائم ہے۔

بقیہ 1

صورت حال واضح ہو سکے گی۔

بقیہ 2

کے اہل خانہ کو بڑی سہولت میسر آئے گی۔ تفصیلات کے مطابق سول اسپتال کندھ کوٹ کا ڈائلاسز یونٹ کافی عرصے سے بند ہونے کے باعث مریضوں کو علاج کے لیے سکھر کے SIUT اور گمبٹ اسپتال کا رخ کرنا پڑتا تھا، جس کی وجہ سے انہیں سفری مشکلات، وقت کے ضیاع اور دیگر پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ تاہم اب ڈائلاسز یونٹ کی بحالی کے بعد مقامی مریض اپنے ہی شہر کندھ کوٹ میں ڈائلاسز کی سہولت حاصل کر سکیں گے۔ اس موقع پر ایم ایس سول اسپتال کندھ کوٹ ڈاکٹر میر حسن کولاچی نے ڈائلاسز یونٹ کا دورہ کیا اور بحالی کے بعد فراہم کی جانے والی طبی سہولتوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سول اسپتال کندھ کوٹ کا ڈائلاسز یونٹ کافی عرصے سے بند پڑا تھا، جس کے باعث علاقے کے مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ مریضوں کو ڈائلاسز کے لیے سکھر کے SIUT اور گمبٹ اسپتال جانا پڑتا تھا، لیکن اب یونٹ کی بحالی سے ان کا ایک بڑا مسئلہ حل ہو گیا ہے اور وہ اپنے شہر میں ڈائلاسز کروا سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کو مقامی سطح پر طبی سہولتوں کی فراہمی اہم ضرورت ہے اور ڈائلاسز یونٹ کی بحالی سے گردوں کے مریضوں کو ریلیف ملے گا۔ ڈائلاسز یونٹ کے دورے کے موقع پر ڈاکٹر خلیق انور باجکانی، اے ایم ایس سول اسپتال کندھ کوٹ، ڈاکٹر عادل حسین سہریانی، اے ڈی ایچ او (ای پی آئی) ضلع کشمور، علی حسن قمرانی، ضلعی صدر پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف، یار علی خان ڈوکی، مرکزی سینئر نائب صدر پاکستان الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل ایسوسی ایشن پاکستان رجسٹرڈ 2076، اور عاشق علی قمرانی، انچارج ڈائلاسز یونٹ سول اسپتال کندھ کوٹ بھی موجود تھے۔ سول اسپتال کندھ کوٹ کے ڈائلاسز یونٹ کی بحالی کو علاقے کے مریضوں کے لیے ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے، جس سے انہیں علاج کے لیے دور دراز شہروں کا سفر کرنے کی مشکلات میں کمی آنے کی امید ہے۔

بقیہ 3

ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی، متاثرہ دکاندار نے مقدمے کے اندراج کے لیے درخواست دے دی، جبکہ سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے مزید تحقیقات کی جائیں گی۔ کچھ ماہ قبل سیف اللہ کے چھوٹے بھائی امانت کی ڈی واٹسن کے قریب واقع دکان کے تالے توڑ کر بھی چوری کی واردات کی گئی تھی، جبکہ ایک الگ واقعے میں مسلم سکول کے قریب سے نیا 125 موٹر سائیکل نامعلوم چور لے اڑے۔ شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں نے شہریوں میں شدید خوف و ہراس پھیلا دیا ہے۔ شہری حلقوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ تھانے سے چند سو گز کے فاصلے پر مسلح ڈکیتی پولیس گشت اور جرائم کی روک تھام کے اقدامات پر سنجیدہ سوالات اٹھاتی ہے؛ اگر مرکزی مقامات پر بھی شہری اور تاجر محفوظ نہیں تو عام آبادی کے تحفظ کی ضمانت کون دے گا؟ انہوں نے اعلیٰ پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ محض روایتی کارروائیوں کے بجائے رات کے گشت کو مؤثر بنایا جائے، مشکوک موٹر سائیکل سواروں کی چیکنگ سخت کی جائے، سی سی ٹی وی شواہد کی مدد سے ملزمان کو گرفتار کیا جائے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے فوری اور عملی اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 4

اور سستے متبادل کی دستیابی یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔ چیمبر میں تاجروں اور مارکیٹ ایسوسی ایشنز کے نمائندوں کے ایک بڑے مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر آئی سی سی آئی نے کہا کہ ضوابط کی خلاف ورزی پر فوری چھاپوں، گرفتاریوں اور دکانیں سیل کرنے کے بجائے تاجروں کو پہلے نوٹس جاری کیے جائیں اور اصلاح کا مناسب موقع دیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کاروباری برادری ماحولیاتی تحفظ کے اقدامات کی مخالف نہیں، تاہم ان پر مؤثر عمل درآمد کے لیے واضح قواعد، قابلِ برداشت متبادل اور تیاری کا مناسب وقت ضروری ہے۔ محمد ذکریا اکبر ضیاء نے اعلان کیا کہ پلاسٹک مصنوعات سے متعلق مسائل کے حل کے لیے آئی سی سی آئی، مارکیٹ ایسوسی ایشنز، تاجروں اور متعلقہ کاروباری شعبوں کے نمائندوں پر مشتمل ایک مشترکہ کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔ کمیٹی متعلقہ حکام سے مذاکرات کر کے ایسا قابلِ عمل حل تلاش کرے گی جس سے ماحولیاتی تحفظ کے مقاصد حاصل کرنے کے ساتھ کاروباری سرگرمیوں اور تاجروں کے جائز مفادات کا بھی تحفظ ہو سکے۔ آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ نے کہا کہ اجلاس کا مقصد تاجروں کے مسائل سننا اور ان کے حل کے لیے مشترکہ حکمت عملی مرتب کرنا ہے۔ انہوں نے تاجر برادری کے اتحاد، باہمی مشاورت اور متعلقہ حکام کے ساتھ تعمیری مذاکرات کی اہمیت اجاگر کی۔ نائب صدر محمد وقاص خان سواتی نے بھی تاجروں پر زور دیا کہ وہ اپنے مسائل مؤثر نمائندگی کے لیے مشترکہ پلیٹ فارم کے ذریعے اٹھائیں۔ اجلاس میں آئی سی سی آئی کے سابق صدر سردار طاہر محمود، آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اجمل بلوچ، مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر چوہدری کاشف اور دیگر تاجر رہنماؤں نے بھی شرکت کی۔ شرکاء نے چھاپوں، گرفتاریوں اور دکانیں سیل کرنے سے متعلق شکایات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے پلاسٹک مصنوعات کے متبادل کی دستیابی، ری سائیکلنگ کے مؤثر نظام اور پابندیوں پر مرحلہ وار عمل درآمد کی ضرورت پر زور دیا۔ اجلاس کے شرکاء نے اتفاق کیا کہ ماحولیاتی ضوابط پر عمل درآمد کے لیے منصفانہ طریقۂ کار، مشاورت اور کاروباری برادری کو اعتماد میں لینا ضروری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پلاسٹک آلودگی میں کمی کے اقدامات ایسے انداز میں کیے جانے چاہئیں کہ ماحول کے تحفظ کے ساتھ کاروبار، روزگار اور معاشی سرگرمیاں بھی غیر ضروری طور پر متاثر نہ ہوں۔ آئی سی سی آئی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ چیمبر متعلقہ حکام کے ساتھ رابطے اور مذاکرات جاری رکھے گا اور تاجروں کے مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں کرے گا۔

بقیہ 5

ہے۔ اس اقدام کا مقصد وفاقی دارالحکومت کے مختلف روٹس پر شہریوں کو قابلِ اعتماد، سستی اور آسان سفری سہولیات فراہم کرنا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پائیدار شہری نقل و حرکت کو فروغ دینے اور گاڑیوں سے خارج ہونے والے مضر دھوئیں اور آلودگی میں کمی لانے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ اسلام آباد کے شہریوں نے سی ڈی اے کی الیکٹرک بس سروس کو سراہتے ہوئے شہر کے مختلف روٹس پر جدید پبلک ٹرانسپورٹ کی سہولت کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ شہریوں کے مطابق یہ سروس روزانہ سفر کرنے والے افراد، طلبہ، ملازمین اور دیگر شہریوں کو اپنی منزل تک پہنچنے کے لیے آرام دہ، آسان اور قابلِ اعتماد سفری سہولیات فراہم کر رہی ہے۔ شہریوں کی جانب سے اظہارِ اطمینان اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ شہری کی روزمرہ سفری ضروریات پوری کرنے کے لیے مؤثر اور قابلِ رسائی پبلک ٹرانسپورٹ نہایت اہم ہے۔ اس وقت سی ڈی اے کی 160 الیکٹرک بسیں اسلام آباد کے 21 مختلف روٹس پر چل رہی ہیں، جن کے ذریعے روزانہ تقریباً 150,000 مسافر سفر کرتے ہیں۔ سی ڈی اے کا ہدف پبلک ٹرانسپورٹ کے دائرہ کار میں مزید توسیع اور ماحول دوست سفری ذرائع کے استعمال کی حوصلہ افزائی کے ذریعے یومیہ مسافروں کی تعداد کو بڑھا کر تقریباً 250,000 تک پہنچانا ہے۔ الیکٹرک بسوں کے بیڑے میں اضافے کے ساتھ ساتھ سی ڈی اے جدید بس ڈپو اور الیکٹرک چارجنگ کی سہولیات سمیت معاون انفراسٹرکچر کی ترقی پر بھی توجہ دے رہی ہے، تاکہ بس سروس کے آپریشنز کو مؤثر اور قابلِ اعتماد بنایا جا سکے۔ حال ہی میں افتتاح کیے گئے الیکٹرک بس ڈپو میں 64 چارجنگ یونٹس کی گنجائش رکھی گئی ہے، جو الیکٹرک بس نیٹ ورک کی بڑھتی ہوئی ضروریات پوری کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔ اسلام آباد میں الیکٹرک بس سروس کی توسیع شہر کے پبلک ٹرانسپورٹ نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ الیکٹرک ٹرانسپورٹ کے فروغ سے گاڑیوں کے مضر اخراج میں کمی، شہری ماحول کی بہتری اور نجی گاڑیوں کے مقابلے میں شہریوں کو آرام دہ متبادل سفری سہولت فراہم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ سی ڈی اے روٹس کی کوریج میں بہتری، آپریشنل کارکردگی، چارجنگ انفراسٹرکچر کی ترقی اور مسافروں کی سہولت کو یقینی بنانے کے لیے مسلسل اقدامات کر رہی ہے، تاکہ اسلام آباد کی بڑھتی ہوئی آبادی کی سفری ضروریات کو مؤثر انداز میں پورا کیا جا سکے۔ شہریوں کی آراء اور پذیرائی بھی ان سہولیات کی آسانی، قابلِ رسائی ہونے اور قابلِ اعتماد کارکردگی کا جائزہ لینے اور انہیں مزید بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات اور وژن جبکہ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی قیادت میں سی ڈی اے اسلام آباد کے شہریوں کو جدید، قابلِ رسائی اور ماحول دوست سفری سہولیات فراہم کرنے کے عزم پر قائم ہے، تاکہ وفاقی دارالحکومت کو صاف ستھرا، سرسبز، بہتر طور پر منسلک اور رہائش کے لیے مزید موزوں شہر بنایا جا سکے۔

بقیہ 6

کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف محنتی ہاتھوں کی قدر کرتی ہیں۔ یہ انعام ان کی انتھک محنت، فرض شناسی اور عوامی خدمت کے جذبے کا منہ بولتا اعتراف ہے۔ سلام ہے ان محنتی ہاتھوں کو جنہوں نے عید کی خوشیاں اپنے گھروں کے بجائے عوام کی خدمت میں گزاریں۔ یہی ہمارے اصل ہیرو ہیں۔

بقیہ 7

کے مطالبے کو اہم بنا دیا ہے۔ ثمر عباس کے مطابق ستھرا پنجاب چوآ سیدن شاہ میں فیول کے اخراجات، سرکاری ٹریکٹرز، ٹرالیوں اور ڈمپروں کے مبینہ نجی استعمال، نجی ٹھیکیداروں سے متعلق معاملات اور ڈمپنگ پوائنٹ پر تعمیر کیے گئے کنکریٹ فرش کی پیمائش و اخراجات سمیت متعدد امور تحقیقات طلب ہیں۔ شکایت کنندہ نے تحصیل منیجر برہان الدین، اسسٹنٹ منیجر حسن علی، سپروائزر راجہ نثار اور متعلقہ عملے کے کردار کی جانچ کا مطالبہ کیا ہے۔ ان الزامات کی تاحال آزادانہ تصدیق نہیں ہوئی، تاہم معاملے کی نوعیت غیر جانب دارانہ تحقیقات اور ریکارڈ کی جانچ کا تقاضا کرتی ہے۔ شکایت کنندہ کے مطابق فیول کی رسیدوں اور حقیقی استعمال میں مطابقت، مشینری کی نقل و حرکت اور تعمیراتی کام کے معیار سے متعلق سوالات کے جوابات گاڑیوں کے لاگ بکس، جی پی ایس ریکارڈ، فیول اجرا رجسٹر، اصل رسیدوں، ورک آرڈرز، منظور شدہ تخمینوں، تعمیراتی پیمائش اور ادائیگیوں کے تقابلی جائزے سے سامنے آ سکتے ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ صفائی کے بہتر نتائج کا کریڈٹ ان ورکرز کو ملنا چاہیے جو مشکل حالات میں اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہیں، لیکن انتظامی سطح پر مالی شفافیت اور جواب دہی بھی لازمی ہے۔ صفائی اچھی ہو تو ورکرز کی محنت کا اعتراف، لیکن مالی معاملات پر سوال اٹھیں تو ریکارڈ کے ساتھ جواب دہی بھی ضروری ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق، چیف سیکرٹری پنجاب، متعلقہ سیکرٹری و ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب، کمشنر راولپنڈی ڈویژن، ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات اور اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ تحصیل منیجر برہان الدین اور متعلقہ عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے، شکایات کی شفاف تحقیقات مکمل ہونے تک قواعد کے مطابق مناسب انتظامی اقدامات کیے جائیں اور خصوصی مالی و تکنیکی آڈٹ کرایا جائے۔ مطالبے میں موجودہ تحصیل منیجر اور متعلقہ عملے کی تبدیلی، سرکاری فیول و مشینری کے استعمال، تعمیراتی اخراجات اور دیگر مالی معاملات کی جانچ بھی شامل ہے۔ شکایت کنندہ ثمر عباس کے بیانات اور فراہم کردہ شواہد کا جائزہ لینے کے ساتھ نامزد افسران اور متعلقہ عملے کو بھی اپنا مؤقف پیش کرنے کا مکمل موقع دیا جائے، جبکہ کسی بے ضابطگی کی تصدیق ہونے پر قانون اور محکمانہ قواعد کے مطابق کارروائی کی جائے۔ خبر کی تیاری کے دوران متعلقہ افسران سے مؤقف لینے کے لیے متعدد مرتبہ رابطہ کیا گیا اور تحصیل منیجر برہان الدین کے واٹس ایپ پر سوالنامہ بھی ارسال کیا گیا، تاہم خبر فائل ہونے تک جواب موصول نہیں ہوا۔ متعلقہ حکام اور نامزد افراد کا مؤقف موصول ہونے پر اسے مناسب سیاق و سباق کے ساتھ شائع کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ مالی و انتظامی بے ضابطگیوں سے متعلق الزامات شکایت کنندہ ثمر عباس اور دیگر ذرائع سے منسوب ہیں اور آزادانہ تحقیقات کے بغیر انہیں ثابت شدہ حقائق قرار نہیں دیا جا رہا

بقیہ 8

کتابی اسٹالز کا دورہ کیا۔ بک فیئر کا انعقاد طالبات میں مطالعے کے رجحان کو فروغ دینے، معیاری کتابوں تک رسائی آسان بنانے اور جامعہ میں علمی و ادبی سرگرمیوں کو وسعت دینے کے لیے کیا گیا ہے۔ میلے میں مختلف موضوعات پر کتابیں پیش کی گئی ہیں، جن میں موجودہ ایڈیشنز بھی شامل ہیں۔ طالبات نے مختلف اسٹالز پر کتابوں کے موضوعات، مواد اور افادیت کے بارے میں شرکاء کو آگاہ کیا۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن جناب سلمان غنی نے بک فیئر کے انعقاد، کتابوں کے معیاری انتخاب اور مختلف موضوعات پر کتب کی دستیابی کو سراہا۔ انہوں نے کتابوں کے ساتھ طالبات کی موضوعاتی تیاری کو بھی قابلِ تحسین قرار دیا۔ انہوں نے اس امر کی اہمیت اجاگر کی کہ موجودہ دور میں، جب مطالعے کا رجحان اور مستقل توجہ کا دورانیہ متاثر ہو رہا ہے، نوجوانوں کو دوبارہ کتابوں سے جوڑنا ایک اہم تعلیمی ضرورت ہے۔ معیاری اور جدید ایڈیشنز کی کتابیں اس مقصد کے حصول میں مؤثر کردار ادا کر سکتی ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ مسائل کے حل کے لئے کتابیں بہترین دوست ہیں۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف نے کہا کہ کتابیں محض معلومات کا ذریعہ نہیں بلکہ تنقیدی سوچ، فکری پختگی اور گہری سمجھ بوجھ پیدا کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے دور میں طالبات کو جدید ذرائع سے استفادے کے ساتھ مطالعے کی مستقل عادت اپنانے کی بھی ضرورت ہے۔ مسلسل مطالعہ توجہ، ارتکاز اور کسی موضوع کو مختلف زاویوں سے سمجھنے کی صلاحیت کو مضبوط بناتا ہے۔ وائس چانسلر نے کہا کہ راولپنڈی ویمن یونیورسٹی علمی ماحول کے فروغ کے لیے ایسے عملی اقدامات کے لئے کوشاں ہیں جہاں طالبات کو معیاری کتابوں تک رسائی حاصل ہو اور وہ نصابی ضروریات سے آگے بڑھ کر بھی مطالعہ کریں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ راولپنڈی ویمن یونیورسٹی کی لائبریری کو بھی اپ گریڈ کیا جائے گا۔ میگا بک فیئر دو روز تک جاری رہے گا، جس کے دوران طالبات، اساتذہ اور دیگر شرکاء کو مختلف موضوعات پر کتابوں سے استفادہ کرنے، نئی اشاعتوں سے واقفیت حاصل کرنے اور مطالعے کے ذریعے اپنے علمی افق کو وسعت دینے کے مواقع میسر آئیں گے۔

بقیہ 9

افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں نومبر 2026 کی انسداد پولیو مہم کے انتظامات، بچوں کی ویکسینیشن کوریج، زیرو ڈوز اور ویکسین سے محروم رہ جانے والے بچوں کی تعداد میں کمی لانے کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ضلع راولپنڈی میں نومبر کی انسداد پولیو مہم کا آغاز 2 نومبر سے ہوگا، جس کے دوران ضلع کی تمام 188 یونین کونسلوں میں مجموعی طور پر 9 لاکھ 89 ہزار 924 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جبکہ 7 لاکھ 1 ہزار گھرانوں تک رسائی حاصل کی جائے گی۔ مہم کی مؤثر نگرانی اور کامیاب انعقاد کے لیے 200 یونین کونسل میڈیکل افسران، 686 ایریا انچارجز، 4 ہزار 215 موبائل ٹیموں، 176 ٹرانزٹ ٹیموں اور 232 فکسڈ ٹیموں سمیت دیگر معاون عملے کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گزشتہ اجلاس میں زیرو ڈوز بچوں کی ویکسینیشن اور تصدیق کے لیے مقرر کردہ 2 ہزار 547 بچوں کے ہدف میں سے 2 ہزار 435 بچوں کی ویکسینیشن اور فیلڈ تصدیق مکمل کر لی گئی ہے، جبکہ باقی بچوں کی کوریج کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ اسی طرح ویکسین سے انکار کرنے والے خاندانوں سے رابطوں، رہ جانے والے بچوں کی نشاندہی اور ان کی ویکسینیشن کے لیے بھی خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ مہم کے دوران کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ اس مقصد کے لیے مائیکرو پلانز پر مؤثر عمل درآمد، ٹیموں کی تربیت، فیلڈ مانیٹرنگ اور والدین و کمیونٹی رہنماؤں کے تعاون کو یقینی بنایا جائے گا۔ مزید بتایا گیا کہ نومبر کی مہم سے قبل عوامی آگاہی کے لیے مختلف کمیونٹی سرگرمیاں، تعلیمی اداروں اور مدارس میں آگاہی سیشنز، مذہبی و سماجی رہنماؤں سے رابطے اور میڈیا کے ذریعے تشہیری اقدامات بھی کیے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ انسداد پولیو مہم کی تیاریوں کو مقررہ شیڈول کے مطابق مکمل کیا جائے اور تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں تاکہ ہر بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 10

امیر محمد کی دور اندیش قیادت اور پاکستان کے زرعی تحقیقی نظام کو مضبوط بنانے میں نمایاں کردار کو خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب سے خطاب کرت ہوئے چیئرمین پی اے آر سی کا کہنا تھا کہ ڈاکٹر امیر محمد کے وژن اور قیادت نے ملک کی اعلیٰ زرعی تحقیقی تنظیم کے طور پر پی اے آر سی کی بنیاد رکھی اور ایسے ادارے بنانے میں مدد کی جو سائنسی اور قومی ترقی میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ان کے اعزاز میں کراپ سائنسز انسٹی ٹیوٹ کا نام تبدیل کرنا ان کی اس لازوال میراث کا اعتراف ہے، جو سائنسدانوں اور محققین کی آنے والی نسلوں کی رہنمائی کرتا رہے گا۔ ڈاکٹر امیر محمد نے نیوکلیئر انسٹی ٹیوٹ فار ایگریکلچر اینڈ بائیولوجی (NIAB) فیصل آباد کے بانی ڈائریکٹر، یونیورسٹی آف ایگریکلچر، فیصل آباد کے وائس چانسلر، اور نیشنل یونیورسٹی آف کمپیوٹر اینڈ ایمرجنگ سائنسز (FAST) کے بانی ریکٹر کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔ 1978 سے 1990 تک چیئرمین پی اے آر سی کی حیثیت سے انہوں نے ایک مربوط قومی زرعی تحقیقی نظام کی بنیاد رکھی۔ تعزیتی ریفرنس میں ڈاکٹر امیر محمد کی بیٹیوں اور اہل خانہ، پی اے آر سی کے حاضر سروس و ریٹائرڈ ملازمین اور دیگر تحقیقی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ مقررین نے ان کی نمایاں سائنسی کامیابیوں، دور اندیش قیادت اور پاکستان کے تحقیقی اور اعلیٰ تعلیم کے شعبوں میں دیرپا تعاون پر روشنی ڈالی۔

بقیہ 11

ٹیم کے زیر اہتمام انسداد سموگ اور کوڑا کرکٹ کے خلاف آگاہی کیمپ میں شرکت کی، جہاں شہریوں میں آگاہی پمفلٹس تقسیم کیے گئے۔ انہوں نے کوڑا کرکٹ پھیلانے والوں کی حوصلہ شکنی، خلاف ورزیوں کی روک تھام اور صفائی سے متعلق قوانین پر عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ایم ڈی رانا ساجد صفدر نے کہا کہ صاف ستھرا ماحول برقرار رکھنے اور سموگ پر قابو پانے کے لیے عوامی تعاون ناگزیر ہے۔ شہری کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر ڈالیں، کھلے عام کوڑا جلانے سے گریز کریں اور اپنے اردگرد صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ صفائی آپریشن اور اینٹی لٹرنگ کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جائے، جبکہ آگاہی مہم کے ذریعے شہریوں کو صفائی کی اہمیت اور ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے مسلسل آگاہ کیا جائے

بقیہ 12

اجلاس میں راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے حکام نے ڈپٹی کمشنر کو کمپنی کے دائرہ کار، صفائی کے نظام، مشینری، افرادی قوت، ڈیجیٹل مانیٹرنگ اور شہری آگاہی مہمات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ضلع راولپنڈی کی 164 یونین کونسلوں میں صفائی کی خدمات فراہم کی جا رہی ہیں، جبکہ صفائی کے آپریشنز کے لیے مجموعی طور پر 6 ہزار 55 افراد پر مشتمل افرادی قوت تعینات ہے۔ گاڑیوں کی جی پی ایس ٹریکنگ، بائیومیٹرک حاضری اور ڈیجیٹل ڈیش بورڈ کے ذریعے صفائی کے عمل کی نگرانی بھی کی جا رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہدایت کی کہ ضلع بھر میں صفائی کے انتظامات کو مزید مؤثر بنایا جائے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی مرکزی شاہراہوں، گلیوں، بازاروں، رہائشی علاقوں اور عوامی مقامات پر صفائی کو یقینی بنایا جائے اور کوڑا کرکٹ جمع ہونے کی شکایات پر فوری کارروائی کی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ کوڑا کرکٹ کو مقررہ مقامات تک منتقل کرنے اور مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانے کے عمل کی مؤثر نگرانی کی جائے۔ صفائی کی گاڑیوں اور عملے کی حاضری، مقررہ روٹس پر عمل درآمد اور روزانہ کی کارکردگی کی باقاعدگی سے جانچ کی جائے، جبکہ غفلت یا ناقص کارکردگی کے ذمہ داروں کے خلاف قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ غیر قانونی ڈمپنگ کی روک تھام کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطہ کاری بہتر بنائی جائے، خالی پلاٹوں اور کھلے مقامات کی صفائی پر خصوصی توجہ دی جائے اور شہریوں کو صفائی برقرار رکھنے کے لیے آگاہی مہم میں شامل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے مؤثر نفاذ کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں اور صفائی کے معیار میں بہتری کے لیے مربوط اقدامات یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ صفائی کے انتظامات کی مسلسل نگرانی کی جائے اور کارکردگی سے متعلق رپورٹ باقاعدگی سے پیش کی جائے تاکہ شہریوں کو بہتر بلدیاتی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 13

مبینہ اجارہ داری کے معاملے پر سخت سوالات اٹھائے۔ وزیر ریلوے نے کنکریٹ کے سلیپرز کے معیار پر بھی سوال اٹھاتے ہوئے ہدایت کی کہ 2021ء میں جو بھی ذمہ دار افسر تعینات تھا اس کی نشاندہی کریں اور اس کے خلاف انکوائری کریں۔ دورے کے دوران افسران سے گفتگو کرتے ہوئے حنیف عباسی نے کہا کہ عوام محکمہ ریلوے کے افسران کو نام سے نہیں جانتے بلکہ کسی حادثے کی صورت میں سب سے پہلے وزیر کو گالیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افسران پڑھے لکھے اور مختلف ممالک سے تعلیم حاصل کر کے آئے ہیں، انہیں مسائل کا حل خود تلاش کرنا چاہیے، ہر معاملے میں متبادل موجود ہوتا ہے، اس لیے کسی ایک سپلائر کا محتاج بننے کی ضرورت نہیں۔ وفاقی وزیر نے لکڑی کے ناقص سلیپرز اور عدم دستیابی پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ اگر ایک سپلائر سلیپرز فراہم نہیں کر رہا تو دوسرے ذرائع تلاش کیوں نہیں کیے جا رہے؟ ایک ہی شخص کی اجارہ داری قائم کر کے پورے محکمے کو اس کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ خریداری کی تکنیکی شرائط تبدیل کی جائیں تاکہ زیادہ سے زیادہ سپلائرز اس عمل میں حصہ لے سکیں اور کسی ایک کمپنی کی بلیک میلنگ کا خدشہ ختم ہو۔ حنیف عباسی نے کہا کہ افسران کو مسائل کے حل کے لیے خود فیصلے کرنے چاہئیں۔ انہوں نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اتنے عرصے سے سلیپرز کی فراہمی کا مسئلہ حل نہ ہونا افسوس ناک ہے اور اس صورت حال میں عوام کے سامنے جواب دیتے ہوئے مجھے شرمندگی محسوس ہوتی ہے۔ وفاقی وزیر نے سلیپرز کے معیار اور ان کی عمر سے متعلق بھی سخت سوالات اٹھائے۔ وفاقی وزیر نے کنکریٹ کے 2021ء میں خریدے گئے سلیپرز اور متعلقہ ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی ہدایت کرتے ہوئے پوچھا کہ اس خریداری اور معیار کی ذمہ داری کس افسر پر عائد ہوتی ہے اور متعلقہ افسر کی ریٹائرمنٹ ہو چکی ہے یا وہ اب بھی عہدے پر موجود ہے اس کی نشاندہی کی جائے اور اس کی تحقیقات کی جائیں۔ جواب موجود ہے اسے کہہ دیں اب الٹا لٹکنا پڑے گا، بتائیں کیا آٹھ سال میں کنکریٹ کا سلیپر ٹوٹتا ہے، انگریز کا ڈالا ہوا تو ابھی تک نہیں ٹوٹا۔ جو ذمہ دار ہے وہ سیدھا پھانسی پر جائے میں کیوں جاؤں۔ وفاقی وزیر نے دوٹوک انداز میں کہا کہ سلیپرز کی خریداری کے نظام کو بہتر بنایا جائے، متبادل سپلائرز کی حوصلہ افزائی کی جائے اور تکنیکی شرائط اس انداز میں مرتب کی جائیں کہ مسابقت بڑھے، معیار بہتر ہو اور محکمہ ریلوے کسی ایک فرد یا کمپنی کا محتاج نہ رہے۔

بقیہ 14

نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق فارن لینگویج سینٹرز میں کورین، جرمن، چینی، جاپانی، عربی، فرنچ، اٹالین اور ہسپانوی زبانیں پڑھائی جائیں گی۔ ہر طالب علم کے لیے فیس 3 ہزار روپے سے زیادہ نہیں ہوگی جبکہ ہر زبان کے کورس کے لیے کم از کم 60 طلبہ کا داخلہ لازمی قرار دیا گیا ہے۔ داخلوں اور رجسٹریشن کا تمام عمل پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (پی آئی ٹی بی) کے سینٹرل ڈیجیٹل پورٹل کے ذریعے مکمل کیا جائے گا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سرکاری کالجوں میں ہائی اسپیڈ انٹرنیٹ، ایل ای ڈی اسکرینز اور جدید لینگویج لیبز بھی قائم کی جائیں گی تاکہ طلبہ کو معیاری تعلیمی سہولیات میسر آ سکیں۔ حکام کے مطابق فارن لینگویج پروگرام کا مقصد طلبہ کے لیے بیرون ملک تعلیم، اسکالرشپس اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز کو موزوں کالجوں کی نشاندہی کر کے فوری عملدرآمد کا پلان جمع کرانے کی ہدایت بھی جاری کر دی گئی ہے۔

بقیہ 15

گیس (ایل این جی) کا ایک انتہائی ضروری کارگو موصول ہوا، گیس بردار جہاز العریش صبح 11 بج کر 5 منٹ پر اینگرو کے ایل این جی ٹرمینل پر لنگر انداز ہوا، جبکہ دوپہر 12 بجے گیس کو دوبارہ قدرتی گیس میں تبدیل کرنے کا عمل شروع کر دیا گیا۔ موسم سرما 27-2026 کے دوران ملک کو گیس کی ضروریات پوری کرنے کیلئے ایل این جی کے 24 کارگوز کی ضرورت ہے۔ سردیوں میں سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کی گیس کی طلب موجودہ 550 ملین مکعب فٹ یومیہ سے بڑھ کر 1550 ملین مکعب فٹ یومیہ ہونے کا امکان ہے، جبکہ سوئی سدرن گیس کمپنی کی طلب موجودہ 300 ملین مکعب فٹ یومیہ سے بڑھ کر 500 ملین مکعب فٹ یومیہ تک پہنچ سکتی ہے۔ گیس کی بڑھتی ہوئی طلب اور محدود فراہمی کے باعث خدشہ ہے کہ موسم سرما کے دوران ملک میں برآمدی صنعت، غیر برآمدی صنعت، سی این جی اور سیمنٹ کے شعبوں کو گیس دستیاب نہ ہو سکے۔

بقیہ 16

کی روشنی میں ہدایات جاری کرتے ہوئے 6 افغان ڈاکٹرز کو فوری طور پر ہاسٹل خالی کرنے اور پاکستان چھوڑنے کا حکم دیا گیا ہے۔ انتظامیہ کے مطابق وزیراعظم کی ہدایات پر عمل درآمد کے لیے یہ اقدامات کیے گئے ہیں۔ دوسری جانب محکمہ صحت خیبر پختونخوا نے 30 ڈاکٹروں کو ملازمت سے فارغ کرنے کا اعلامیہ جاری کر دیا، اعلامیہ کے مطابق ان ڈاکٹروں کو انکی وضاحتوں، پیش کردہ شواہد اور انکوائری رپورٹس کا جائزہ لینے کے بعد برطرف کیا گیا، تمام ڈاکٹروں کو شوکاز نوٹس جاری کیے گئے تھے، ذاتی سماعت کا موقع دینے کے بعد کارروائی مکمل کی گئی، برطرف کیے گئے ڈاکٹروں سے سرکاری واجبات کی وصولی بھی کی جائے گی۔ برطرف کیے گئے ڈاکٹروں پر پی ایم ڈی سی کی جعلی رجسٹریشن اور غیر قانونی تقرریوں کے الزامات تھے، یہ ڈاکٹرز خیبر پختونخوا کے مختلف طبی مراکز میں تعینات تھے۔

بقیہ 17

جاری بیان کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ کے درمیان ملاقات پاکستان عمان مشترکہ وزارتی کمیشن کے آٹھویں اجلاس سے قبل خوشگوار ماحول میں ہوئی۔ دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی صورت حال پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے پائیدار امن و استحکام کے فروغ کے لیے مکالمے اور سفارت کاری کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ عمان کے وزیر خارجہ نے علاقائی امن و سلامتی کے فروغ کے لیے پاکستان کی کوششوں کو سراہا جبکہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے بھی علاقائی امن و استحکام کے لیے عمان کے تعمیری کردار اور مشترکہ امنگوں کی تعریف کی۔

بقیہ 18

نمایاں فرق ریکارڈ کیا گیا۔ اقبال ٹاؤن میں ایئر کوالٹی انڈیکس 242، گلبرگ ٹو میں 193 اور چمن پارک میں 189 ریکارڈ کیا گیا۔ پیراگون سٹی میں اے کیو آئی 175، برکی روڈ پر 171 اور بیدیاں روڈ پر 164 ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح ماڈل ٹاؤن میں فضائی آلودگی کی شرح 163 جبکہ ڈی ایچ اے فیز فائیو میں 156 ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 19

کے شہر بنکاک میں عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر ہونے والی ملاقات میں وزیرِ خزانہ نے ستمبر میں پانڈا بانڈ کے کامیاب اجرا، سرمایہ کاروں کی بھرپور شرکت اور آئی ایم ایف پروگرام کے تحت پیش رفت پر روشنی ڈالی۔ وزیرِ خزانہ نے ٹیکس وصولیوں میں بہتری، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے، کرنسی سویپ اور فارورڈ معاہدوں سے متعلق واجبات میں کمی کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ڈھانچہ جاتی اصلاحات، مالیاتی نظم و ضبط اور برآمدات پر مبنی پائیدار ترقی میں پرعزم ہے۔

بقیہ 20

مطابق سی سی ڈی ٹیم دیوی داتا روڈ پر اسنیپ چیکنگ میں مصروف تھی کہ اس دوران موٹر سائیکل سوار ملزمان نے فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے واقعے میں اشتہاری ملزم حماد عرف مادو، سکنہ کھڈیوٹ کھوٹہ، ہلاک ہو گیا، دیگر ملزمان فرار ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق ہلاک ملزم ڈکیتی معہ قتل، اقدام قتل اور کم عمر بچوں کے ساتھ اسلحے کی نوک پر غیر فطری جنسی عمل کے مقدمات میں مطلوب تھا۔ ملزم کو علاقے میں خوف کی علامت سمجھا جاتا تھا اور وہ مبینہ طور پر سوشل میڈیا پر ہوائی فائرنگ کی ویڈیوز شیئر کر کے شہریوں میں خوف و ہراس پھیلاتا تھا۔ واقعے کے بعد فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے سی سی ڈی ٹیم کا علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے، جبکہ ہلاک ملزم کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کر دی گئی ہے۔ واقعے سے متعلق مزید تفصیلات اور پولیس کا باضابطہ موقف سامنے آنا باقی ہے۔

بقیہ 21

مکہ امن معاہدہ خطے میں امن، اتحاد اور استحکام کے لیے ایک تاریخی سنگِ میل ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ دفاعی معاہدے کے تحت پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، دفاع اور علاقائی سلامتی کے تحفظ کے لیے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان سعودی عرب کے اپنے دفاع کے جائز حق کی مکمل حمایت کرتا ہے اور سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سلیت اور سلامتی کے تحفظ کے لیے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے۔ ملاقات کے دوران مکہ ڈیفنس الائنس کے سیکرٹری جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود نے وزیراعظم کو معاہدے کے فریم ورک کے تحت دفاعی اور تزویراتی تعاون کو مزید فروغ دینے کے حوالے سے اپنی حکمت عملی سے آگاہ کیا۔

بقیہ 22

میں شائقین کی تعداد بڑھانے کے لیے ”ون ڈالر سینما“ منصوبے کی تجویز دی ہے۔ اس منصوبے کے تحت فلم کے ٹکٹ کی قیمت 300 سے 350 روپے کے درمیان رکھنے کی تجویز دی گئی ہے، جس سے مہنگے ٹکٹوں کے باعث سینما جانے سے گریز کرنے والے افراد، بالخصوص خاندانوں اور نوجوانوں کو سہولت مل سکتی ہے۔ اس مجوزہ منصوبے کا بنیادی مقصد کم قیمت ٹکٹوں کے ذریعے عام شہریوں، متوسط طبقے، نوجوانوں اور خاندانوں کے لیے سینما کا رخ کرنا اور فلمیں دیکھنا آسان بنانا ہے۔ صوبائی وزیر کا کہنا ہے کہ مقامی فلم انڈسٹری کے فروغ اور عوام کو دوبارہ سینما گھروں کی طرف راغب کرنے کے لیے حکومت کی جانب سے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ تاہم منصوبہ فی الحال اعلان کے مرحلے میں ہے اور اس پر عمل درآمد سے متعلق حتمی تفصیلات سامنے آنا باقی ہے۔

بقیہ 23

پولیس نے موقع پر پہنچ کر کارروائی کا آغاز کر دیا، پولیس حکام کے مطابق حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، واقعہ کے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 24

کے لیے رکشہ ڈرائیونگ ٹریننگ پروگرام کا انعقاد کیا، جس کے تحت 34 خواتین کو تربیت دی گئی۔ نجی یونیورسٹی کے تعاون سے ٹریفک پولیس نے خواتین کے لیے اس تربیتی پروگرام کا اہتمام کیا، جس کے تحت ڈرائیونگ اسکول بحریہ ٹاؤن اور مناواں میں خواتین کو رکشہ چلانے کی تربیت فراہم کی گئی۔ اس اقدام کا مقصد خواتین کو ڈرائیونگ کی مہارت سکھانے کے ساتھ معاشی طور پر خود مختار بنانا اور ان کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ چیف ٹریفک آفیسر لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے کہا کہ رکشہ ڈرائیونگ ٹریننگ پروگرام کا بنیادی مقصد خواتین کو باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ تربیت مکمل کرنے والی خواتین خود رکشہ چلا کر آمدنی حاصل کر سکیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ اس پروگرام میں خواتین کو صرف ڈرائیونگ نہیں سکھائی جا رہی بلکہ انہیں اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے اور خود مختار زندگی گزارنے کا موقع بھی فراہم کیا جا رہا ہے۔ سید عبدالرحیم شیرازی نے کہا کہ معاشرتی اور سماجی ترقی کے لیے مردوں کے ساتھ خواتین کا کردار بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ خواتین کو بااختیار بنانے سے معاشرے میں واضح تبدیلی آئے گی۔ لاہور ٹریفک پولیس خواتین کی خودمختاری، باعزت روزگار اور معاشی استحکام کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ واضح رہے کہ لاہور میں خواتین کو ڈرائیونگ سکھانے کے لیے کار اور اسکوٹی کے 12 اسکول قائم کیے جا چکے ہیں، جہاں اب تک 16 ہزار سے زائد خواتین کو کار اور سکوٹی چلانے کی تربیت دی گئی ہے۔ رکشہ ڈرائیونگ پروگرام اسی سلسلے کی توسیع ہے، جس کے ذریعے خواتین کو روزگار کے مزید مواقع فراہم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

بقیہ 25

سے ہوا، تیز گام کوچ کا سائیڈ ہینگر ٹوٹنے سے حادثہ پیش آیا۔ تحقیقاتی رپورٹ میں بتایا گیا کہ ٹوٹا ہینگر ٹرن آؤٹ کراسنگ میں پھنس گیا تھا، حادثے کی جگہ سے ٹوٹا ہوا ہینگر برآمد کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز ملتان میں شیر شاہ پل کے قریب رحمان بابا ایکسپریس کو حادثہ پیش آیا تھا جس میں بچی سمیت 7 افراد جاں بحق اور 40 زخمی ہوئے تھے۔ کراچی سے پشاور جانے والی رحمان بابا ایکسپریس کی تمام 15 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئی تھیں۔ ایک مسافر نے بتایا کہ رحمان بابا ایکسپریس کا حادثہ صبح سوا 5 بجے پیش آیا، روہڑی کے قریب بوگی نمبر 9 کے نٹ بولٹ درست کیے گئے تھے۔

بقیہ 26

خدا کو مانیں لوگوں کو تنگ نہ کریں، یہ رویہ بربادی کا ہے۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ کسی قیدی سے ملاقات نہ کرانا مجرمانہ فعل ہے، خدا کو مانیں لوگوں کو تنگ نہ کریں، یہ رویہ بربادی کا ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کا کہنا ہے کہ گورنمنٹ کا وفد میرے چیمبر میں تھا اپوزیشن کا وفد کمیٹی روم میں تھا۔ آپ لوگ خوشیاں منا رہے تھے کہ معاہدہ ہو گیا، اچانک علامہ ناصر عباس نے آ کر کہا کہ ہمیں افسوس ہے کہ معاہدہ نہیں ہو سکتا۔ ہم آج بھی مذاکرات کے لیے تیار ہیں، مذاکرات کو سبوتاژ کس نے کیا سب کو پتہ ہے، اس معاملے پر جتنا کم بولیں اچھا ہے۔

بقیہ 27

کہ خاتون کو پانچ گولیاں لگیں۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس اور تحقیقاتی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور شواہد اکٹھے کرنے کے بعد لاش کو مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے مقتولہ کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا ہے، جس میں سابق سسر، تایا، چچا، سابق شوہر اور بیٹے سمیت پانچ افراد کو نامزد کیا گیا ہے۔ پولیس نے مقتولہ کے بیٹے عرفان کو اسلحے سمیت حراست میں لے لیا ہے۔

بقیہ 28

کی۔ اس موقع پر محکمہ بلدیات کے تمام انتظامی افسروں میں اضلاع کی ذمہ داریاں تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے ہدایت کی کہ ہر افسر تفویض کردہ اپنے ضلع کا ہفتے میں کم از کم ایک بار لازمی دورہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ بلدیات کو متعدد بڑے منصوبوں کی نگرانی سونپی گئی ہے۔ ان منصوبوں کا 13 کروڑ عوام کے ساتھ براہ راست تعلق ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام اور وزیر اعلیٰ کے اعتماد پر پورا اترنا مشترکہ ذمہ داری ہے۔ تمام افسران فیلڈ میں جا کر اہداف کا حصول یقینی بنائیں۔ وزیر بلدیات نے زور دیا کہ افسران دیہات تک صفائی نظام مزید بہتر بنانے کیلئے اچانک دورے کریں۔ اجلاس میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ زید بن مقصود نے اچانک دوروں کیلئے خصوصی پروفارما بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ خصوصی واٹس ایپ گروپس میں تصویری شواہد لازمی شیئر کئے جائیں۔

بقیہ 29

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے یوم ولادت کی مناسبت سے عام تعطیل ہوتی ہے۔ اس سال سرکاری کیلنڈر کے تحت یوم اقبال کی تعطیل پیر کو ہوگی، جبکہ اس سے پہلے ہفتہ اور اتوار کی ہفتہ وار چھٹیاں ہونے کے باعث سرکاری ملازمین کو مسلسل تین روز کی چھٹیاں ملیں گی۔ تعلیمی اداروں میں بھی 7 سے 9 نومبر تک تعطیلات ہوں گی، جس کے باعث طلبا کو بھی تین روز چھٹیوں کا موقع ملے گا۔

بقیہ 30

ملاقات نہ کرانا مجرمانہ فعل ہے، خدا کو مانیں لوگوں کو تنگ نہ کریں، یہ رویہ بربادی کا ہے۔ اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا کہ یہ رضا کارانہ فیڈریشن ہے، جو کہتے ہیں ہم امن لائینگے، انہوں نے 35 سال حکومت کی، جنرل ایوب 10 سال، ضیاالحق 11 سال، پرویز مشرف 11 سال رہے، اس کے بعد پاکستان دہشت گردوں کا اڈا بنا، پاکستان کو آپ نے دہشت گردوں کا اڈا بنایا، دہشت گردوں کو یہاں تربیت دی جاتی رہی۔ اس دوران وزیراعظم شہباز شریف بھی ایوان میں پہنچے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ وزیرستان میں آپ معدنیات پر قبضہ کر رہے ہیں، آپ لوگوں کو مار رہے ہیں لوگ آپ کو مار رہے ہیں، سیدھی بات کریں، اس پارلیمنٹ میں کرسیاں لگائیں وزیر اعظم کیساتھ بیٹھنے کو تیار ہوں، آپ کی حکومت غیر آئینی غیر قانونی ہے، آپ لوگوں کو دہشت زدہ کرتے ہیں۔

بقیہ 31

میں ملزم کے ایک ساتھی کو پہلے ہی گرفتار کیا جا چکا ہے۔ ایس پی راول بیدار بخت گوندل نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

بقیہ 32

تحصیل گوجر خان، ضلع راولپنڈی، تھانہ نصیر آباد راولپنڈی کے مقدمہ نمبر 359/24 میں مطلوب مجرم اشتہاری پایا گیا۔ متعلقہ تھانے سے تصدیق کے بعد پولیس ٹیم نے ملزم کو گرفتار کر لیا اور قانونی کارروائی کے لیے تھانہ ڈھڈیال کے محرر کے حوالے کر دیا۔

بقیہ 33

رہے۔ لاہور، بہاولنگر، بہاولپور، ننکانہ، وہاڑی، خانیوال، مظفر گڑھ، ڈی جی خان سے نفری روانہ ہوئی تھی۔ لیہ، ٹوبہ، جھنگ سمیت دیگر اضلاع کی نفری 22 ستمبر کو اسلام آباد، اٹک کے لئے روانہ ہوئی تھی۔ پنجاب حکومت نے دھرنے کے اخراجات کے لئے پنجاب پولیس کو 40 کروڑ جاری کئے تھے۔

بقیہ 34

بلا سود قرضے فراہم کر چکی ہے جبکہ ادارہ مالی طور پر اپنے پاؤں پر کھڑا ہے۔ فاؤنڈیشن کے اکاؤنٹ میں اس وقت بھی سوا ارب روپے سے زائد فنڈز موجود ہیں۔ مراسلے میں بتایا گیا ہے کہ فاؤنڈیشن کی جانب سے دیئے گئے قرضوں کی واپسی کی مدت 2034ء تک مکمل ہوگی جبکہ ادارہ اب تک ٹرینی ڈاکٹرز کو وظائف کی مد میں 44 ارب روپے ادا کر چکا ہے۔ ایم ڈی کے مطابق فاؤنڈیشن سے قرضہ لینے والے ڈاکٹرز اپنے کلینکس میں 10 فیصد مریضوں کا مفت معائنہ کرتے ہیں ادارے نے ہزاروں ڈاکٹرز کو کلینک اور ہسپتال قائم کرنے میں بھی مدد فراہم کی ہے۔ مراسلے میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ مالی خودمختاری کے حامل اور فعال ادارے کو بند نہیں کیا جانا چاہیے کیونکہ اس کی بندش شعبہ صحت کے لیے بڑا نقصان ثابت ہو سکتی ہے۔

بقیہ 35

انعامی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی، انکم ٹیکس قوانین کے مطابق فائلرز پر 15 فیصد اور نان فائلرز پر 30 فیصد ٹیکس لاگو ہوتا ہے۔

بقیہ 36

کے نفاذ کو پشاور ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کر کے جمہوری حکومت ختم کر دی گئی، امید ہے عدالت صوبے میں جمہوری حکومت بحال کرے گی۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ عدالت سے درخواست کی جلد سماعت کی استدعا کی ہے، ہم آئینی اور قانونی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 37

ذریعے گنجائش سے زائد مسافر بٹھانے کی 6 ہزار 204 جبکہ گاڑیوں کی مقررہ حدود سے باہر سامان لے جانے کی 5 ہزار 548 خلاف ورزیوں کی نشاندہی کی گئی۔ ترجمان کے مطابق خلاف ورزی سامنے آنے پر متعلقہ فیلڈ فورس کو فوری اطلاع دے کر قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ سیف سٹیز حکام کے مطابق گاڑیوں پر غیر محفوظ انداز میں سامان کی ترسیل کی خصوصی نگرانی جاری ہے اور خطرناک اوورلوڈنگ کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

بقیہ 38

گئی ہے۔ دریں اثناء خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے خلاف پشاور ہائیکورٹ میں آئینی درخواست بھی دائر کر دی گئی جو کہ نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے مرکزی صدر محسن داوڑ اور بشریٰ گوہر کی جانب سے دائر کی گئی ہے۔ درخواست میں صدر پاکستان، فیڈریشن آف پاکستان، گورنر خیبر پختونخوا، سینیٹ، قومی اسمبلی، وزارت داخلہ، وزارت دفاع کو فریق بنایا گیا ہے۔ رٹ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ صدر پاکستان نے 11 اکتوبر 2026 کو آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ کرتے ہوئے گورنر کو صوبائی حکومت کے تمام اختیارات سونپ دیے، صوبائی اسمبلی کے اختیارات پارلیمنٹ کو منتقل کر دیے اور وزیر اعلیٰ، صوبائی وزرا، مشیران اور ایڈووکیٹ جنرل کو عہدوں سے ہٹا دیا۔

بقیہ 39

کارروائیاں بھرپور قومی حمایت اور پوری قوت سے جاری رہیں گی۔ بدھ کو سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے جدید اسلحہ و گولہ بارود برآمد کر لیا ہے، برآمد شدہ سامان میں آر پی جی 7، 5 گولے، میگزینز سمیت 5 جدید ہتھیار، 3 موبائل فونز اور 2 موٹر سائیکلیں شامل ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو جدید ہتھیاروں سے نشانہ بنایا گیا، ہلاک دہشت گرد بلوچ عوام کو لوٹنے، خوف و ہراس پھیلانے اور انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچانے میں ملوث تھے۔ سکیورٹی فورسز بلوچستان سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دریں اثناء صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے ضلع واشک میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کو نقصان پہنچانے اور عوام میں خوف و ہراس پھیلانے والے دہشت گرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی اور دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے خلاف سکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں دہشت گردوں کے خلاف ہمارے غیر متزلزل قومی عزم کا مظہر ہیں۔

بقیہ 40

جائے گی اور تھانوں میں شہریوں کو بہترین سروس ڈیلیوری فراہم کرنے کے لیے تمام اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور انہیں سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، جس کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 41

دوران مریضوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہیں ہونا چاہیے اور ان کی سہولت، بہتر نگہداشت اور بروقت علاج کو اولین ترجیح دی جائے۔ انہوں نے فیسیلیٹیشن کاؤنٹر کو مؤثر انداز میں فعال رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ مریضوں اور ان کے لواحقین کو بروقت معلومات اور مناسب رہنمائی فراہم کی جائے تاکہ انہیں متعلقہ شعبوں تک رسائی اور علاج کے حصول میں دشواری پیش نہ آئے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں اور مریم نواز کلینک میں عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ اس مقصد کے لیے طبی سہولیات کی دستیابی، انتظامی امور میں بہتری اور مریضوں کی دیکھ بھال کے نظام کو مؤثر بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں۔ انہوں نے متعلقہ انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بہتر علاج معالجے کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور اس ضمن میں کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 42

خیبر پختونخوا کے صوبائی صدر ہیں اور انہیں پہلے وزیراعلیٰ ہاؤس میں حراست میں رکھا گیا، بعدازاں نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا گیا۔ درخواست میں کہا گیا کہ دستیاب معلومات کے مطابق سی سی پی او کی موجودگی میں نامعلوم افراد جنید اکبر کو اٹھا کر لے گئے۔ درخواست گزار نے مؤقف اختیار کیا کہ واقعے کے وقت سی سی پی او موقع پر موجود تھے، لہٰذا عدالت ان سے تفصیلی رپورٹ طلب کرے۔ درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج محفوظ بنانے کا حکم دیا جائے اور جنید اکبر کو غیر قانونی حراست سے بازیاب کرانے کے لیے پولیس کو ہدایات جاری کی جائیں۔

بقیہ 43

دوپہر ایک بج کر 30 منٹ پر چھٹی ہوگی، جبکہ جمعہ کے روز سکولوں میں چھٹی دوپہر 12 بج کر 30 منٹ پر ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈبل شفٹ سکولوں کی صبح کی شفٹ پیر سے جمعرات صبح 8 بج کر 45 منٹ سے دوپہر ایک بج کر 15 منٹ تک جاری رہے گی، جبکہ جمعہ کے روز صبح کی شفٹ کا اختتام دوپہر 12 بج کر 30 منٹ پر ہوگا۔ اسی طرح ڈبل شفٹ سکولوں کی دوسری شفٹ پیر سے جمعرات دوپہر ایک بج کر 30 منٹ سے شام 4 بج کر 30 منٹ تک ہوگی، جبکہ جمعہ کے روز دوسری شفٹ دوپہر 2 بجے شروع ہو کر شام 4 بج کر 30 منٹ پر ختم ہوگی۔ محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب نے تمام چیف ایگزیکٹو آفیسرز (سی ای اوز ایجوکیشن) کو نئے اوقات کار پر عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ طالبات کے سکولوں کے اوقات کار میں 15 منٹ کا فرق متعلقہ سی ای اوز ایجوکیشن ضرورت کے مطابق ایڈجسٹ کر سکیں گے۔

بقیہ 44

یونین کے مرکزی دفتر میں منعقد ہوئی جس میں مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین نے ترقی پانے والے ملازمین میں پروموشن لیٹرز تقسیم کیے اور انھیں مبارک باد پیش کی۔ اس موقع پر چوہدری محمد یٰسین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملازمین کی بلاتفریق خدمت، ان کے حقوق کا تحفظ اور جائز مسائل کا حل سی ڈی اے مزدور یونین کا طرہ امتیاز رہا ہے۔ مزدور یونین نے ہمیشہ ملازمین کی فلاح و بہبود، پروموشنز کے عمل میں پیش رفت اور ان کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے ہمیشہ اپنا کردار ادا کیا ہے یہی وجہ ہے کہ مزدور یونین کی مسلسل جدوجہد اور کاوشوں کے نتیجے میں بڑی تعداد میں ملازمین کو ترقی کے مواقع میسر آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین کی بروقت ترقی نہ صرف ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے اعتراف کا ذریعہ ہے بلکہ اس سے ان کے اعتماد، حوصلے اور ادارے کے ساتھ وابستگی میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ ترقی کے مواقع فراہم ہونے سے ملازمین مزید محنت، لگن اور ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دینے کے لیے حوصلہ پاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے ملازمین جن کی لائن آف پروموشن نہیں ہے ان کے لیے سی ڈی اے مزدور یونین نے سمری بنوا کر بورڈ میں بھجوا دی ہے۔

بقیہ 45

ورکس کے دوران بجلی بندش کے لئے عارضی شٹ ڈاؤن لئے جائیں گے۔ آئیسکو چیف ایگزیکٹو انجینئر چوہدری خالد محمود نے ہدایات جاری کی ہیں کہ متعلقہ فیڈرز پر ہونے والے شٹ ڈاؤن کی پیشگی اطلاع ہر صورت متعلقہ صارفین تک پہنچائی جائے اور اس سلسلے میں پرنٹ، الیکٹرونک، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ساتھ ساتھ مساجد میں اعلانات کے ذریعے بھی متعلقہ صارفین کو بروقت آگاہی فراہم کی جائے۔ انہوں نے فیلڈ فارمیشنز کو ہدایات دیں کہ بجلی بندش کے دورانیئے کو سختی سے مانیٹر کیا جائے اور سٹاف کام کے دوران سیفٹی کے تمام ایس او پیز پر عمل یقینی بنائیں۔ فیلڈ افسران سٹاف کو کام کے دوران چیک کریں گے اور موقع پر اپنی موجودگی یقینی بنائیں۔ سالانہ سسٹم مینٹیننس کے باعث ڈسٹری بیوشن سسٹم مزید مستحکم ہوگا اور سسٹم میں موجود نقائص پر قابو پا کر پیک آورز میں نہ صرف بجلی کی بلاتعطل ترسیل ممکن بنائی جائے گی بلکہ سسٹم پر آنے والے فالٹس اور ٹرپنگ پر بھی قابو یقینی بنایا جائے گا۔ صارفین آئیسکو کی آفیشل ویب سائٹ www.iesco.com.pk، آئیسکو کے سوشل میڈیا پیجز facebook: @iescoofficialpk اور X: @iescoofficialpk) اور آئیسکو ہیلپ لائن نمبر 118 پر بھی فیڈرز پر ہونے والی عارضی شٹ ڈاؤن کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

بقیہ 46

ڈیرہ غازی خان، اوکاڑہ، جھنگ اور جہلم سمیت 15 اضلاع میں مشینری روانہ کی جا چکی ہے۔ جدید مشینری کی فراہمی کا مقصد نکاسی آب کے نظام کو مؤثر بنانا، شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنا اور بارشوں کے دوران پانی کی نکاسی کے انتظامات کو مزید بہتر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں محکمہ ہاؤسنگ پنجاب شہری سہولیات کی بہتری اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے لیے عملی اقدامات کر رہا ہے۔ صوبے کے مختلف اضلاع میں جدید مشینری کی فراہمی سے مقامی سطح پر واسا کی استعداد کار میں اضافہ ہوگا اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ کے پی میں ایمرجنسی کا نفاذ افسوسناک، دہشت گردی کے بڑھتے واقعات کی روک تھام ضروری تھی، صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین نے محکمہ ہاؤسنگ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا نفاذ کسی خوشی کے باعث نہیں بلکہ وہاں کی سیاسی اور انتظامی صورتحال کے تناظر میں کیا گیا ہے۔ یہ ایک افسوسناک صورتحال ہے جس پر سنجیدگی سے غور کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی تیزی سے بڑھتی کارروائیوں کو روکنا متعلقہ حکومت اور انتظامیہ کی ذمہ داری تھی۔ ملک کے امن و استحکام کے لیے ضروری ہے کہ دہشت گردی کے خلاف مؤثر اقدامات کیے جائیں اور قومی سلامتی کو ہر معاملے پر ترجیح دی جائے۔ بلال یاسین نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے دور حکومت میں دہشت گردی کے عفریت پر قابو پانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے گئے۔ ملک کے جوانوں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عظیم قربانیاں دی ہیں، ان کی شہادتوں کا تمسخر اڑانا کسی صورت مناسب نہیں۔ شہداء کی قربانیوں کا احترام ہر پاکستانی کی ذمہ داری ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ کسی بھی سیاسی جماعت یا گروہ کے مفادات کو پاکستان کی سلامتی اور قومی سلامتی سے مقدم نہیں رکھا جا سکتا۔ سیاسی اختلافات اپنی جگہ، لیکن ملکی استحکام، امن اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کو سیاسی کشیدگی اور انتظامی مسائل کے بجائے ترقی، امن اور عوامی فلاح کی جانب بڑھنا چاہیے۔ عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے تمام متعلقہ فریقوں کو اپنی ذمہ داریاں ادا کرنا ہوں گی۔ پنجاب میں دنگا فساد نہیں، ترقیاتی اور فلاحی منصوبوں پر توجہ مرکوز ہے، صوبائی وزیر بلال یاسین نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں محکمہ ہاؤسنگ صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔ حکومت کی ترجیح عوام کو عملی ریلیف فراہم کرنا اور شہری سہولیات کو بہتر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مخالفین پر طنز کرنے کے بجائے اپنی کارکردگی کے ذریعے تنقید کا جواب دے رہی ہے۔ پنجاب میں ترقیاتی منصوبوں، شہری سہولیات کی بہتری اور عوامی فلاح کے اقدامات پر توجہ دی جا رہی ہے۔ بلال یاسین نے کہا کہ عوامی خدمت، عملی اقدامات اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ صوبے کے مختلف اضلاع میں جدید مشینری کی فراہمی بھی اسی وژن کا حصہ ہے تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

بقیہ 47

کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پولیو مہم کے دوران ویکسینیشن کے عمل کو مؤثر بنایا جائے، ٹیموں کی کارکردگی کی بہتری کی جائے اور مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جائے تاکہ پولیو کے خاتمے کے لیے جاری کوششوں کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔

بقیہ 48

میں سلمان صفدر کیساتھ موجود تھے۔ سلمان صفدر نے کہا کہ خاتون کے لیے عدالتوں نے ہمیشہ نرم گوشہ رکھا ہے، نیب کا رویہ 13 ماہ میں قابل اعتراض رہا، نیب نے کئی ساعتوں پر التواء لیا، نیب نے سزا معطلی کی درخواست پر بھی اعتراض کیا، سزا کے بعد اب بشریٰ بی بی کی ضمانت کا قانونی جواز بن چکا ہے، بشریٰ بی بی خاتون ہونے پر سزا معطلی مانگی، کیس میں سارا فوکس بانی کے اپیل پر رہا۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ میرٹ پر اس موقع پر نہ جائے، عدالت کے سامنے سزا معطلی کا کیس ہے۔ سلمان صفدر نے موقف اپنایا کہ خاتون کے لیے عدالتوں نے ہمیشہ نرم گوشہ رکھا ہے، نیب کا کنڈیکٹ 13 ماہ میں قابل اعتراض رہا، نیب نے کئی ساعتوں پر التواء لیا، نیب نے سزا معطلی کی درخواست پر بھی اعتراض کیا، سزا کے بعد اب بشریٰ بی بی کی ضمانت کا قانونی جواز بن چکا ہے، بشریٰ بی بی خاتون ہونے پر سزا معطلی مانگی، کیس میں سارا فوکس بانی کے اپیل پر رہا۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ میرٹ پر اس موقع پر نہ جائے، عدالت کے سامنے سزا معطلی کا کیس ہے، جسٹس باقر نجفی نے کہا کہ مرکزی اپیل ساعت کیلئے کتنی بار لگی ہے۔ عدالت نے بشریٰ بی بی سزا معطلی کیس کی ساعت مکمل کر لی، چیف جسٹس امین الدین نے کہا کہ آرڈر کا انتظار کریں جبکہ عدالت نے سلمان صفدر کو تحریری دلائل پوائنٹس جمع کرانے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 49

سے متعلق مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کرنے کا فیصلہ کیا گیا، جبکہ مجرموں کی حوالگی اور تبادلے کے معاہدوں کو حتمی شکل دینے پر بھی اتفاق ہوا۔ فریقین نے ری ایڈمیشن معاہدے پر جلد عمل درآمد اور اینٹی نارکوٹکس فورس سمیت متعلقہ روسی اداروں کے درمیان تعاون بڑھانے کا عزم ظاہر کیا۔ علاوہ ازیں دونوں ممالک کی وزارت داخلہ کے ورکنگ گروپس جلد ایک دوسرے کے ممالک کا دورہ کریں گے۔ مذاکرات میں پاکستان سے روس ہنرمند افرادی قوت بھیجنے اور پاکستانی سیاحوں و کاروباری برادری کے لیے ویزا حاصل کرنے کا عمل آسان بنانے پر بھی تبادلہ خیال ہوا، فریقین نے سائبر کرائم کی روک تھام اور دونوں ممالک کے پولیس تربیتی اداروں کے درمیان تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ منظم جرائم کی روک تھام سے متعلق معاہدہ دونوں ممالک کے باہمی تعاون کے فروغ میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ ویزا نظام میں آسانی سے پاکستان اور روس کے عوام کے درمیان روابط بڑھیں گے۔

بقیہ 50

تقرریوں کے الزامات پر برطرف کیے گئے ہیں۔ برطرف کیے گئے ڈاکٹروں سے سرکاری واجبات کی وصولی بھی کی جائے گی، برطرف کیے گئے ڈاکٹرز خیبر پختونخوا کے مختلف طبی مراکز میں تعینات تھے۔

بقیہ 51

کے مطابق ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر 10 صنعتی یونٹس سیل کر دیئے گئے جبکہ 9 اینٹوں کے بھٹے مسمار اور 3 بھٹے سیل کیے گئے۔ صنعتی یونٹس اور اینٹوں کے بھٹوں پر مجموعی طور پر 24 لاکھ 30 ہزار روپے جرمانے عائد کیے گئے۔ دوسری جانب غیر معیاری پلاسٹک کے خلاف کارروائیوں کے دوران 8 مقامات سیل کیے گئے جبکہ 732 کلوگرام غیر معیاری پلاسٹک بھی ضبط کر لیا گیا۔

بقیہ 52

تھے۔ ذرائع کے مطابق تینوں کی میتیں پاکستان منتقل کرنے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 53

محمد اجمل ولد ہدایت اللہ، قدرت اللہ ولد سمیع اللہ، عمر فاروق ولد غلام فاروق اور ارسلان ولد غلام جیلانی سمیت 6 افراد جاں بحق ہوئے۔ فائرنگ سے سعد اللہ ولد کفایت اللہ، قیصر اور فضل ولد الطاف سمیت 3 افراد زخمی ہوئے۔ قیصر اور فضل آپس میں بھائی ہیں۔ جاں بحق افراد اور زخمیوں کو فوری طور پر اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے جبکہ فائرنگ کے محرکات اور ملزمان کی گرفتاری کیلیے کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 54

کے ارکان، سیکرٹری الیکشن کمیشن اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ اسلام آباد میں حلقہ بندیوں کا عمل 21 جولائی 2026 کو شروع کیا گیا تھا، جو مکمل ہو چکا ہے، جبکہ حتمی فہرستیں آج شائع کر دی گئی ہیں۔ اعلامیے کے مطابق الیکشن کمیشن نے اسلام آباد لوکل گورنمنٹ رولز سے متعلق اپنی تجاویز 20 جولائی 2026 کو وزارت داخلہ کو بھجوا دی تھیں، تاکہ سفارشات کے مطابق قانون سازی کر کے قواعد شائع کیے جا سکیں اس سلسلے میں ضروری قانون سازی کی منظوری متعلقہ قائمہ کمیٹی نے 3 ستمبر 2026 کو دی، تاہم قانون سازی مکمل ہونے سے پہلے ہی 6 ستمبر 2026 کو اسلام آباد لوکل گورنمنٹ ترمیمی آرڈیننس 2026 کی مدت ختم ہو گئی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق آرڈیننس کی میعاد ختم ہونے کے بعد وزارت قانون و انصاف نے مسودہ قواعد وزارت داخلہ کو واپس کر دیا کیونکہ آرڈیننس کے تحت قواعد بنانے والی اتھارٹی موجود نہیں رہی تھی۔

بقیہ 55

مئی 2026 سے تعلیم بالغاں پروگرام جاری ہے۔ محکمہ داخلہ کے اعداد و شمار کے مطابق پروگرام کے تحت اب تک 19 ہزار 578 قیدیوں کو تعلیم دی جا چکی ہے، جن میں سے 4 ہزار 88 قیدی رہا ہو چکے ہیں۔ محکمہ داخلہ کے مطابق پنجاب کی جیلوں میں اب تک 11 ہزار 317 قیدی خواندگی کا امتحان پاس کر چکے ہیں، جبکہ صوبے کی 43 جیلوں میں قائم 182 لٹریسی سینٹرز میں اس وقت 4 ہزار 173 قیدی زیر تعلیم ہیں۔

کھوٹہ کا مطلوب اشتہاری ملزم مبینہ مقابلے میں ہلاک

چوری، ڈکیتی، قتل اور بچوں سے گن پوائنٹ پر زیادتی سمیت درجنوں مقدمات میں مطلوب تھا

تھانہ جاتلی کی حدود میں مبینہ مقابلہ، اشتہاری ملزم ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک، ذرائع

گوجرخان (قمرشہزاد) کھوٹہ کو مطلوب اشتہاری ملزم عامر عرف ماما مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق تھانہ جاتلی کی حدود میں ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوا۔ ملزم چوری، ڈکیتی، قتل اور گن پوائنٹ پر بچوں سے زیادتی سمیت درجنوں مقدمات میں مطلوب تھا ... مزید تفصیلات سامنے آنے پر (بقیہ نمبر 1)

قیدی سے ملاقات نہ کرانا مجرمانہ فعل ہے، محمود خان اچکزئی

اب بھی وقت ہے خیبر پختونخوا میں کیے گئے اقدامات واپس لیں، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ابھی بھی وقت ہے خیبر پختون خوا میں کیے گئے اقدامات واپس لیں، قیدی سے ملاقات نہ کرانا مجرمانہ فعل ہے، خدا کو مانیں لوگوں کو تنگ نہ کریں، یہ رویہ بربادی کا ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسی قیدی سے (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد، ڈی آئی جی اسلام آباد علی ناصر رضوی اپنے دفتر میں شہریوں کے مسائل سننے کے لیے کھلی کچہری لگا رہے ہیں اور ان کے فوری حل کے لیے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کر رہے ہیں

قتل اور اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے قتل اور اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ملزم نے ایک ماہ قبل سابقہ رنجش پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کرکے ایک شہری کو قتل جبکہ دوسرے کو زخمی کردیا تھا۔ پولیس کے مطابق وارث خان پولیس نے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس ذرائع استعمال کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کیا۔ مقدمے (بقیہ نمبر 31)

چکوال، پیٹرولنگ پولیس نے راولپنڈی پولیس کو مطلوب مجرم اشتہاری گرفتار کرلیا

چکوال (این این آئی) پیٹرولنگ پولیس پوسٹ پڑھال نے کارروائی کرتے ہوئے تھانہ نصیر آباد راولپنڈی کے مقدمہ نمبر 359/24 میں مطلوب مجرم اشتہاری کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق انچارج پیٹرولنگ پوسٹ پڑھال سب انسپکٹر یاسر عرفات کی نگرانی میں چوہدری نعمان امیر کی ٹیم نے دوران چیکنگ ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے ایک شخص کا ریکارڈ چیک کیا۔ شناختی ریکارڈ کی پڑتال پر باکر حسین ولد محمد خان سکنہ ترکوال، (بقیہ نمبر 32)

اٹک دھرنے پر جانیوالی پولیس نفری واپس اپنے اضلاع پہنچ گئی

پنجاب پولیس کے 30 ہزار اہلکار 22 روز اٹک کے داخلی وخارجی راستوں پر موجود رہے

لاہور (این این آئی) اسلام آباد اور اٹک دھرنے پر جانیوالی 20 ہزار نفری واپس اپنے اضلاع میں پہنچ گئی جبکہ دیگر نفری بھی اٹک سے اپنے اپنے اضلاع کو روانہ ہو گئی۔ پنجاب پولیس کے 30 ہزار اہلکار 22 روز اٹک کے داخلی وخارجی راستوں پر موجود (بقیہ نمبر 33)

750 مالیت والے بانڈز کی قرعہ اندازی (آج) ہوگی

لاہور (این این آئی) 750 روپے مالیت کے انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی آج (جمعرات) 15 اکتوبر کو راولپنڈی میں ہوگی۔ پہلا انعام 15 لاکھ روپے کا ایک، دوسرے انعام میں 5 لاکھ روپے کے تین جبکہ تیسرے انعام میں 9300 روپے کے 1,696 انعامات کامیاب خوش نصیبوں میں تقسیم کیے جائیں گے۔ پرائز بانڈز پر ملنے والی (بقیہ نمبر 35)

مالی خودمختاری کے حامل اور فعال ادارے کو بند نہیں کیا جانا چاہیے

پنجاب ہیلتھ فاؤنڈیشن بند کرنے کی مخالفت، ایم ڈی کا صوبائی حکومت کو مراسلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب ہیلتھ فاؤنڈیشن کو بند کرنے کے فیصلے پر ادارے کے ایم ڈی رائے منظور ناصر نے صوبائی وزیر اسپیشلائزڈ ہیلتھ اور چیف سیکریٹری پنجاب کو مراسلہ ارسال کر دیا، جس میں ادارے کی بندش کو شعبہ صحت کے لیے بڑا نقصان قرار دیا گیا ہے۔ مراسلے کے مطابق پنجاب ہیلتھ فاؤنڈیشن اب تک ہزاروں ڈاکٹرز کو اربوں روپے کے (بقیہ نمبر 34)

لاہور، صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین پاور چائنا گروپ کے وفد کے اراکین کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

تھانے سے چند سو گز دور مسلح ڈکیتی، شہری عدم تحفظ کا شکار

بجلی بند ہوتے ہی بیکری پر مسلح ڈاکوؤں کا دھاوا، اسلحے کی نوک پر نقدی چھین کر فرار

شہری حلقوں کا بڑھتی وارداتوں پر اظہارِ تشویش، پولیس گشت مؤثر بنانے اور ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) تھانہ گوجرخان سے چند سو گز کے فاصلے پر بڑکی موڑ کے قریب قمر النساء میٹرنٹی ہوم سے ملحقہ سیف اللہ کی بیری بیکری پر گزشتہ شب بجلی بند ہوتے ہی دو مسلح موٹرسائیکل سوار ڈاکوؤں نے دھاوا بول دیا۔ ایک ملزم موٹرسائیکل پر باہر موجود رہا جبکہ کپڑے سے چہرہ ڈھانپے دوسرے ملزم نے بیکری میں داخل ہوکر اسلحے کی نوک پر سیف اللہ کے والد سے نقدی چھینی اور فرار ہوگیا۔ اطلاع (بقیہ نمبر 3)

صدر آزاد جموں وکشمیر ڈاکٹر محمد نجیب خان سے وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ پشاور ہائیکورٹ میں چیلنج

پشاور (آئی آئی پی) چیئرمین پی ٹی آئی نے بیرسٹر گوہر کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو پشاور ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا۔ اس حوالے سے بیرسٹر گوہر نے علی زمان ایڈووکیٹ کی وساطت سے پشاور ہائی کورٹ میں درخواست دائر کر دی ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ گورنر راج اور ایمرجنسی (بقیہ نمبر 36)

خطرناک اوورلوڈنگ کے خلاف سیف سٹی کا سخت کریک ڈاؤن

رواں ماہ مجموعی طور پر 11 ہزار 752 ای چالان جاری کئے گئے

لاہور (این این آئی) سیف سٹیز اتھارٹی نے خطرناک اوورلوڈنگ کے خلاف کارروائیاں مزید سخت کرتے ہوئے رواں ماہ مجموعی طور پر 11 ہزار 752 ای چالان جاری کر دیئے۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق ورچوئل ٹریفک مینجمنٹ سسٹم اور جدید کیمروں کی مدد سے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے۔ کیمروں کے (بقیہ نمبر 37)

پراسیکیوٹر جنرل وڈپٹی چیئرمین نیب کی تعیناتی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) نے پراسیکیوٹر جنرل اور ڈپٹی چیئرمین کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ جاری کیے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق سہیل ناصر کو پراسیکیوٹر جنرل نیب تعینات کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سید احتشام قادر شاہ کو ڈپٹی چیئرمین نیب تعینات کیا گیا ہے۔ سہیل ناصر اس سے قبل ڈپٹی چیئرمین نیب کے عہدے پر تعینات تھے، جبکہ سید احتشام قادر شاہ اس سے پہلے پراسیکیوٹر جنرل تعینات تھے۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا کہ دونوں عہدوں پر تعیناتیاں 3، 3 سال کے لیے کی گئی ہیں۔

بیرسٹر گوہر اور محسن داوڑ نے کے پی میں گورنر راج کو چیلنج کردیا

صدر، وفاق، گورنر، سینیٹ، قومی اسمبلی، وزارت داخلہ، وزارت دفاع کو فریق بنایا گیا ہے

پشاور (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اور محسن داوڑ نے الگ الگ درخواستوں میں کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو پشاور ہائی کورٹ میں چیلنج کردیا۔ تفصیلات کے مطابق بیرسٹر گوہر نے علی زمان ایڈووکیٹ کی وساطت سے پشاور ہائی کورٹ میں درخواست دائر کردی جس میں درخواست کو جلد سماعت کرنے کی استدعا کی (بقیہ نمبر 38)

واشک میں سیکیورٹی فورسز کا آپریشن، 5 دہشتگرد ہلاک، 4 زخمی

صدر زرداری، وزیر اعظم، وزیر داخلہ کا دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

دہشتگردی کی برائی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں بھرپور قومی حمایت اور پوری قوت سے جاری رہیں گی، بیان

واشک/اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے ضلع واشک کے علاقے پلانتک میں سکیورٹی فورسز کے آپریشن کے دوران 5 دہشتگرد ہلاک اور چار زخمی ہوگئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر داخلہ محسن نقوی نے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا، ملک سے دہشت گردی کی برائی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی (بقیہ نمبر 39)

طالبہ لائبہ کی خودکشی کا کیس: ملزم نعمان سے 21 لاکھ روپے ریکور

اسلام آباد (این این آئی) طالبہ لائبہ کی خودکشی کے کیس میں ملزم نعمان سے 21 لاکھ روپے کی ریکوری کر لی گئی۔ ایف آئی اے کے ذرائع کے مطابق ملزم کا ریکارڈ متعلقہ اداروں سے حاصل کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایکسائز اسلام آباد میں ملزم کا ریکارڈ موجود نہیں ہے۔ پولیس نے کہا کہ ملزم نعمان مانسہرہ میں فراڈ کے مقدمے میں اشتہاری ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ ریکوری مکمل ہونے کے بعد ملزم کو مانسہرہ پولیس کے حوالے کیا جائے گا۔

پاک-ترک انٹرنیشنل اسکولز اینڈ کالجز میں اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ایجوکیشن ونگ کے زیر اہتمام روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی ورکشاپ کے دوران ایک طالب علم سوال پوچھتے ہوئے

لاہور، دی نالج آف آرٹ اکیڈمی کے زیر اہتمام خواتین خطاطی نمائش دیکھ رہی ہیں

کندھ کوٹ: سول ہسپتال کا عرصے سے بند ڈائلاسز یونٹ بحال

مریضوں کا باقاعدہ ڈائلاسز شروع، شہریوں میں خوشی کی لہر

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: ایم ایس سول اسپتال کندھ کوٹ ڈاکٹر میر حسن کولاچی کی مسلسل اور انتھک کوششوں سے سول اسپتال کندھ کوٹ کا طویل عرصے سے بند پڑا ڈائلاسز یونٹ بالآخر بحال ہوگیا، جہاں آج ایک مریض کا باقاعدہ ڈائلاسز بھی کیا گیا۔ ڈائلاسز یونٹ کی بحالی سے گردوں کے امراض میں مبتلا مریضوں اور ان (بقیہ نمبر 2)

راولپنڈی، ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کی کھلی کچہری

شہریوں کی جان ومال کا تحفظ اور انہیں سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں انہوں نے شہریوں کی شکایات سنیں اور ان کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ نشان زدہ درخواستوں پر مقررہ وقت کے اندر قانونی کارروائی یقینی بنائی جائے۔ شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی (بقیہ نمبر 40)

لاہور، سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ داتا دربار میں جاری تعمیراتی کاموں کے جائزہ کے دوران حکام کو ہدایات دے رہے ہیں

مریضوں کو بہتر علاج معالجے کی فراہمی یقینی بنائی جائے

کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، سارہ حیات کی ہدایت

ڈپٹی کمشنر چکوال کا تلہ گنگ ہسپتال اور مریم نواز کلینک کا دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر چکوال وتلہ گنگ سارہ حیات نے گورنمنٹ سٹی ہسپتال تلہ گنگ اور مریم نواز کلینک نکہ کہوٹ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، علاج معالجے کے انتظامات اور مریضوں وان کے لواحقین کی رہنمائی کے لیے قائم فیسیلیٹیشن کاؤنٹر کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے مختلف شعبوں کا جائزہ لیتے ہوئے طبی سہولیات کی دستیابی اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے ہسپتال اور کلینک کی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، ضروری ادویات کی دستیابی اور ڈاکٹرز سمیت تمام طبی ومعاون عملے کی بروقت حاضری یقینی بنائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ علاج معالجے کے (بقیہ نمبر 41)

جنید اکبر کی بازیابی کے لیے پشاور ہائی کورٹ میں درخواست دائر

جنید اکبر پی ٹی آئی پختونخوا کے صدر ہیں، انہیں پہلے وزیراعلیٰ ہاؤس میں حراست میں رکھا گیا

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے صدر جنید اکبر کی بازیابی کے لیے ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی گئی جس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ انہیں وزیراعلیٰ ہاس سے اٹھا کر نامعلوم مقام پر منتقل کیا گیا ہے۔ درخواست جنید اکبر کے بھتیجے نے محمد انعام یوسفزئی ایڈووکیٹ کے توسط سے دائر کی ہے، جس میں آئی جی پولیس، سی سی پی او اور دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست گزار کے مطابق جنید اکبر پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد: پنجاب کے سابق وزیراعلیٰ میاں محمد حمزہ شہباز، وفاقی وزیر اور مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا کے صدر انجینئر امیر مقام اور سابق سینیٹر زاہد خان کے ساتھ ملاقات میں

پنجاب کے سرکاری سکولوں کے اوقات کار تبدیل

نئے اوقات 16 اکتوبر سے نافذ ہوں گے، نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا

لاہور (آئی آئی پی) پنجاب کے سرکاری سکولوں کے اوقات کار تبدیل کر دیے گئے ہیں، جس کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ نئے اوقات کار 16 اکتوبر 2026 سے 31 مارچ 2027 تک نافذ العمل رہیں گے۔ محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق سنگل شفٹ سکول پیر سے جمعرات صبح 8 بج کر 45 منٹ پر کھلیں گے اور (بقیہ نمبر 43)

آئی ٹی پی (ITP) ایجوکیشن ونگ کے زیر اہتمام پاک-ترک انٹرنیشنل اسکولز اینڈ کالجز (ایچ 8-گرلز کیمپس) میں روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی ورکشاپ کے دوران اسلام آباد ٹریفک پولیس کی ایک خاتون افسر طالبہ کو میڈل دے رہی ہیں

24 سینئر اسسٹنٹس کی ایڈمن آفیسر ایگزیکٹو کیڈر میں ترقی

ملازمین کی بلاتفریق خدمت سی ڈی اے مزدور یونین کا طرہ امتیاز ہے، چوہدری محمد یٰسین

اسلام آباد (این این آئی) سی ڈی اے مزدور یونین کی کاوشوں کے نتیجے میں کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے 24 سینئر اسسٹنٹس کو ایڈمن آفیسر (16-BPS) ایگزیکٹو کیڈر میں ترقی دے دی گئی۔ ترقی پانے والے ملازمین میں مسعود جیلانی، محمد عاطف، افتخار علی، حافظ شاہد علی، سعید احمد، محمد عمر نواز، رومانہ سلیم، ثاقب علی، قاسم عباس، محمد ظہور اعوان، مہوش نذیر، نورین رفیق، نوید لیاقت ودیگر شامل ہیں، اسی سلسلے میں ترقی پانے والے ملازمین میں پروموشن لیٹرز تقسیم کرنے کی تقریب سی ڈی اے مزدور (بقیہ نمبر 44)

آئیسکو ریجن میں سالانہ سسٹم مینٹیننس شیڈول 2026.2027 جاری

پاور ٹرانسفارمرز، ٹرانسمیشن لائنوں، 11 کے وی فیڈرز ودیگر پر مینٹیننس کی جائے گی

اسلام آباد (این ای این) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) نے ریجن بھر میں 130 سے زائد 132 کے وی گرڈ اسٹیشنز میں نصب پاور ٹرانسفارمرز، 1295 سے زائد 11 کے وی فیڈرز، ٹرانسمیشن لائنز اور دیگر منصوبوں کی بروقت تکمیل اور ناگزیر مینٹیننس کیلئے سالانہ سسٹم مینٹیننس پروگرام 2026-27 جاری کر دیا ہے جو 15 اکتوبر 2026 سے 8 فروری 2027 تک جاری رہے گا۔ فیڈرز پر مینٹیننس (بقیہ نمبر 45)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

46 نئی اور جدید مشینری پر مشتمل ساتویں فلیٹ کی مختلف اضلاع کیلئے روانگی

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا نفاذ افسوسناک، دہشت گردی کی بڑھتی کارروائیوں کو روکنا کس کی ذمہ داری ہے؟

کسی سیاسی گروہ کے مفادات کو پاکستان کی سالمیت سے آگے نہیں رکھا جاسکتا' وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب کے مختلف اضلاع میں نکاسی آب اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے جدید مشینری کی فراہمی جاری ہے۔ صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین نے واسا پنجاب کی 46 نئی اور جدید مشینری کا ساتواں فلیٹ ڈی جی واسا طیب فرید کے حوالے کر دیا۔ جدید مشینری شیخوپورہ، ساہیوال، سرگودھا، سیالکوٹ، راولپنڈی، گجرات اور ننکانہ صاحب سمیت مختلف اضلاع میں فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر بلال یاسین نے کہا کہ ملتان، (بقیہ نمبر 46)

بلاول بھٹو زرداری پارلیمنٹ ہاؤس میں قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

پولیو مہم میں غفلت پر پانچ ویکسینیٹرز معطل، خصوصی مہم 2 نومبر سے شروع ہوگی

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی (DPEC) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں آئندہ پولیو مہم کے انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ پولیو کی خصوصی مہم 2 سے 5 نومبر تک جاری رہے گی۔ اجلاس کے دوران عالمی ادارہ صحت (WHO) کے نمائندوں کی جانب سے نشاندہی کیے گئے مسائل کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ان امور کا سخت نوٹس لیتے ہوئے غفلت اور کوتاہی پر پانچ ویکسینیٹرز کو معطل کرنے (بقیہ نمبر 47)

آرڈر کا انتظار کریں، بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کیس کی سماعت مکمل

وفاقی آئینی عدالت نے سلمان صفدر کو تحریری دلائل پوائنٹس جمع کرانے کا حکم دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کیس میں سلمان صفدر کو تحریری دلائل پوائنٹس جمع کرانے کا حکم دیدیا۔ وفاقی آئینی عدالت میں بشریٰ بی بی سزا معطلی کیس کی سماعت چیف جسٹس امین الدین خان سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کی۔ بشریٰ بی بی کے وکیل سلمان صفدر نے دلائل دیئے، سلمان اکرم راجہ بھی کمرہ عدالت (بقیہ نمبر 48)

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، پانچ افراد گرفتار، چرس، شراب اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران پانچ افراد کو حراست میں لے کر 2 کلو 200 گرام چرس، 10 بوتلیں اور 20 لیٹر شراب، جبکہ اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق کارروائیاں تھانہ بنی، ویسٹریج اور کھوٹہ کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

خاتون مبینہ طور پر دھکا لگنے سے پہلی منزل سے گر کر جاں بحق

40 سالہ شمیم کو شدید زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا مگر جانبر نہ ہوسکی

لاہور (این این آئی) مصطفیٰ آباد دھرم پورہ کے علاقے میں گھریلو جھگڑے کے دوران خاتون مبینہ طور پر دھکا لگنے سے پہلی منزل سے گر کر جاں بحق ہوگئی۔ بتایا گیا ہے کہ گھریلو جھگڑے کے دوران مبینہ طور پر دھکا لگنے سے 40 سالہ شمیم پہلی منزل سے نیچے گری جسے شدید زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا مگر وہ جانبر نہ ہوسکی۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں نے موقع سے شواہد اکٹھے کرنے کے بعد تحقیقات کا آغاز کردیا۔

پاکستان اور روس کا منشیات، اسمگلنگ وسائبر کرائم کیخلاف تعاون بڑھانے پر اتفاق

وزیر داخلہ سے روسی ہم منصب کی ملاقات، پولیس تربیتی اداروں میں تعاون سمیت مختلف امور پر گفتگو

دہشت گردی، منشیات کی اسمگلنگ، غیر قانونی نقل مکانی اور دیگر منظم جرائم کی روک تھام کے لیے مشترکہ اقدامات انتہائی ضروری ہیں، محسن نقوی

پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور روس نے منشیات اسمگلنگ، منظم جرائم اور سائبر کرائمز کے خلاف تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ روسی وزیر داخلہ ولادیمیر کولاکولتسیف نے وزارت داخلہ کا دورہ کیا، جہاں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے ملاقات اور وفود کی سطح پر مذاکرات ہوئے۔ دونوں ممالک نے مشترکہ مفادات کے شعبوں میں باہمی تعاون بڑھانے اور منظم جرائم کی روک تھام کے لیے مشترکہ اقدامات پر اتفاق کیا۔ ملاقات میں منظم جرائم کی روک تھام اور معلومات کے تبادلے (بقیہ نمبر 49)

انسداد سموگ کارروائیوں میں تیزی، صنعتی یونٹس سیل، بھٹے مسمار

کارروائیوں کے دوران 8 مقامات سیل، 237 کلوگرام غیر معیاری پلاسٹک بھی ضبط

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں انسداد سموگ کارروائیوں میں تیزی لاتے ہوئے ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن مزید سخت کردیا گیا، صوبے بھر میں 263 صنعتی یونٹس اور 470 اینٹوں کے بھٹوں کی انسپکشن کی گئی۔ حکام (بقیہ نمبر 51)

خیبر پختونخوا کے 30 ڈاکٹر ملازمت سے فارغ

پشاور (آئی آئی پی) محکمہ صحت خیبر پختونخوا نے 30 ڈاکٹروں کو ملازمت سے فارغ کردیا۔ اعلامیے کے مطابق ڈاکٹروں کی وضاحتوں، پیش کردہ شواہد، انکوائری رپورٹس کا جائزہ لینے کے بعد برطرفی کا فیصلہ کیا گیا، تمام ڈاکٹروں کو شوکاز نوٹس جاری کیے گئے، سماعت کا موقع دینے کے بعد کارروائی کی گئی۔ اعلامیے کے مطابق صوبائی محکمہ صحت نے ڈاکٹروں کی برطرفی کا باضابطہ اعلامیہ جاری کردیا ہے، ڈاکٹرز جعلی پی ایم ڈی سی رجسٹریشن اور غیر قانونی (بقیہ نمبر 50)

سعودی عرب میں خوفناک ٹریفک حادثہ، پاکستانی باپ 2 بیٹوں سمیت جاں بحق

تینوں باپ بیٹے کار میں مکہ سے مدینہ جارہے تھے کہ ان کی گاڑی کو حادثہ پیش آیا

مدینہ منورہ / اقبال نگر (این این آئی) سعودی عرب میں عارف والا سے تعلق رکھنے والے عمرہ زائرین کی کار کو حادثہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں باپ اور اس کے دو جوان سالہ بیٹے جاں بحق ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں چوہدری واحد علی اور ان کے دو بیٹے عمر واحد اور علی واحد شامل ہیں۔ تینوں باپ بیٹے کار میں مکہ سے مدینہ جارہے تھے کہ ان کی گاڑی کو حادثہ پیش آیا۔ تینوں افراد عارف والا کے محلہ اقبال نگر کے رہائشی (بقیہ نمبر 52)

شادی کی تقریب میں فائرنگ، 6 افراد جاں بحق

ڈیرہ اسماعیل خان (آئی آئی پی) تھانہ یونیورسٹی کی حدود گاؤں ملانہ میں گرلز اسکول کے قریب شادی کی تقریب میں فائرنگ کے نتیجے میں 6 افراد جاں بحق جبکہ 3 زخمی ہوگئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق واقعہ دیرینہ ذاتی اور سیاسی رنجش کا شاخسانہ ہے، شادی کی تقریب کے سلسلے میں منعقدہ والی بال میچ کے بعد دونوں گروپ آمنے سامنے آگئے جس کے بعد فائرنگ کا واقعہ پیش آیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں محمد شفیق ولد بشیر احمد، (بقیہ نمبر 53)

اسلام آباد: پارلیمنٹ ہاؤس میں قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران مسلم لیگ (ن) کے رہنما حمزہ شہباز، پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے مصافحہ کر رہے ہیں

الیکشن کمیشن کا 2015 کے قانون کے تحت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کرانے کا عندیہ

الیکشن کمیشن کا کیس کی سماعت 21 اکتوبر کو مقرر کرتے ہوئے سیکرٹری وزارت داخلہ اور چیف کمشنر اسلام آباد کو نوٹس جاری کرنے کا فیصلہ

الیکشن کمیشن کا ارادہ ہے کہ باقاعدہ سماعت کے بعد پرانے بلدیاتی قانون کے تحت انتخابی شیڈول جاری کیا جائے

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 2015 کے قانون کے تحت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کرانے کا عندیہ دیدیا ہے۔ الیکشن کمیشن نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق کیس کی سماعت 21 اکتوبر 2026 کو مقرر کرتے ہوئے سیکرٹری وزارت داخلہ اور چیف کمشنر اسلام آباد کو نوٹس جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے اعلامیے کے مطابق چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت اجلاس ہوا، جس میں کمیشن (بقیہ نمبر 54)

ناخواندہ قیدیوں کو تعلیم حاصل کرنے پر خصوصی معافی دینے کی منظوری

سرٹیفکیٹ محکمہ خواندگی وغیر رسمی بنیادی تعلیم کے منظور شدہ پروگرام کے تحت جاری کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کے جیل ریفارمز ایجنڈے کے تحت ناخواندہ سزا یافتہ قیدیوں کو بنیادی تعلیم حاصل کرنے پر 30 دن کی خصوصی معافی دینے کی منظوری دے دی گئی۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے پاکستان پریزنز رولز 1978 میں ترمیم کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ محکمہ داخلہ کے مطابق اب ناخواندہ سزا یافتہ قیدی خواندگی پروگرام مکمل کرکے پڑھنے، لکھنے اور حساب کتاب کی بنیادی مہارتوں میں قابلیت کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے پر 30 دن کی سزا معافی کے حقدار ہوں گے۔ سرٹیفکیٹ محکمہ خواندگی وغیر رسمی بنیادی تعلیم کے منظور شدہ پروگرام کے تحت جاری کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبے بھر کی جیلوں میں (بقیہ نمبر 55)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ھے

Call / Whatsapp 0309-7900035

E-Commerce Website
Price: 6000/-